شہ رگ

ANEETA RAJA

Season two

پلیز عائشہ واپس چلو مروا نے اسے بازو سے کھینچا۔ دیکھو رات کے 12 بج چکے ہیں۔ کسی نے ہمیں دیکھ لیا تو بہت بڑا مسئلہ ہو جائے گا۔ دیکھو علیزے کتنی کالیں کر رہی ہیں۔ مروہ نے اسے موبائل دکھاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھو اب یہاں تک اگئے ہیں تو آگے جانے میں کیا مسئلہ ہے۔ وہ تمہاری دوست کو دھوکہ دے رہا ہے۔ تم میری اتنی سی بھی مدد نہیں کروگی۔ اگر مجھے یہ چوٹ نہ لگتی۔ تو میں کھڑکی پہ بھی خود ہی چڑھ جاتی۔ صرف دیکھنا تو ہے۔ عائشہ نے کھڑکی کی طرف اشارہ کیا۔ وہ دونوں ایک ہوٹل میں کھڑی تھی۔ اور عائشہ اسے ہوٹل کے کمرے میں جھانکنے کا کہہ رہی تھی۔ اور ہوٹل کے اندر بھی وہ انلیگل طریقے سے گھسی تھی۔ وہ مروہ کو زبردستی اپنے ساتھ لے کر آئی تھی۔ جب کہ مروا کو موت نظر ارہی تھی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

عائشہ مروا کے پڑوس میں رہتی تھی۔اور جب انہوں نے نقل مکانی کی تو اس کی دوستی عائشہ سے ہو گئی۔عائشہ ایک لڑکے سے پیار کرتی تھی جو ڈیلوری بوائے تھا۔وہ کئی دنوں سے اس ہوٹل میں ارہا تھا۔اور اج بھی ایا تھا۔معلومات لینے کے بعد عائشہ کو پتہ چلا تھا۔)

اصفر نامی بندے نے کمرہ بک کروایا ہے۔وہ اسے رنگے ہاتھوں پکڑنا چاہتی تھی۔۔۔

میں نے کہا نا میں نہیں جارہی اگر انا ہے تو اوٴ ورنہ میں خود اکیلی باہر چلی جاوٴں گی۔مروہ باہر کی طرف جانے ہی لگی تھی کہ عائشہ نے پھر سے اسے کھینچا۔اس نے مروہ کو کوٹ کے سہارے پیچھے کھینچا۔دسمبر کا مہینہ تھا سردی بہت زیادہ تھی۔تو مروا نے اپنے وزن سے بھی باوی کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔مروا نے زور سے اپنا بازو اس کے ہاتھ سے چھڑوایا۔۔۔

ٹھیک ہے اگر تم میری مدد نہیں کررہی تو۔۔۔۔

عائشہ دومنٹ کے لیے چپ ہوئی اور پھر ایک دم سے اپنے بیگ سے چاقو نکالا۔میں خود کو یہیں ختم کرلوں گی۔اس نے چاکو کی نوک اپنے بازو پہ رکھی۔۔۔؟

نہ۔۔۔نہیں مروہ ایک دم سے گھبرائی اور اس کے ہاتھ سے چاکو پیچھے کیا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ بہت بری پھنس چکی تھی۔۔۔۔۔

اچھاٹھیک ہے میں دیکھ لیتی ہوں چپ کرو۔عائشہ موٹے موٹے انسو اپنی انکھوں سے نکال رہی تھی۔اور مروہ میں تو پہلے ہی دماغ کی کمی تھی۔مروہ نے ایک نظر کھڑکی کو اور پھر عائشہ کو دیکھا۔یہ کام اس کی سوچ سے بھی زیادہ مشکل تھا کھڑکی زیادہ اونچی نہیں تھی۔لیکن پھر بھی اسے بہت ڈر لگ رہا تھا کہ کہیں کوئی انہ جائے۔۔۔۔۔۔

مروا چلی بھی جاؤ وہ باہر اجائے گا۔میں رنگے ہاتھوں پکڑنا چاہتی ہوں۔مروہ کو سوچتے دیکھ کر عائشہ نے پھر سے لفظوں کے وار کیے۔تو مروا نے اپنا کوٹ اتار کر عائشہ کے ہاتھ میں دیا۔ٹھیک ہے وہ اتنا بھاری تھا اسے پہن کے تو اوپر نہیں چڑھ سکتی تھی۔۔۔۔

مروا نے ایک ہاتھ کھڑکی کے نکڑ پر رکھا۔پھر عائشہ کی مدد سے وہ اوپر چڑھی۔لیکن کھڑکی کیسے کھولنی ہے اس کی سمجھ سے باہر تھا وہ مختلف ڈیزائن کی بنی ہوئی تھی۔اس نے شیشے سے جھانکا تو اندر اندھیرا ہی نظر ارہا تھا۔اس نے اشارے سے عائشہ کو سمجھانے کی کوشش کی کہ اندر کچھ بھی نہیں ہے۔لیکن عائشہ نے پھر سے اسے اندر جھنکنے کا کہا اور کھڑکی کھولنے کا کہا۔۔مروہ بری طرح سے سہم چکی تھی کیونکہ وہ ایسا کام پہلی دفعہ کر رہی تھی۔اس کے بہت فورس کرنے پر اس نے پھر سے کھڑکی کو کھولنے کی کوشش کی۔اس دفعہ

http://www.urdunovalists.com

وہ تھوڑی اندر کی طرف جھکی۔اور اس نے دونوں ہاتھ ہینڈل پہ جمائے اور زور سے گھمانے لگی۔ لیکن پتہ نہیں اچانک کیا ہوا وہ کھڑکی کھلی اور مروا اندر کی طرف گری۔۔۔۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔

عائشہ کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔اس سے پہلے کہ وہ کوئی قدم اٹھاتی اسے اپنے کندھے پہ کسی کا ہاتھ محسوس ہوا۔

اصفر اس نے پیچھے دیکھتے ہی کہا۔اور پھر ایک نظر اوپر کھڑکی کی طرف دیکھا۔کیونکہ وہ تو یہی سوچ کے بیٹھی تھی کہ اصفر اندر ہے۔۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہی ہو۔اگلے سوال پہ وہ تھوڑی پریشان ہوئی۔کیونکہ اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔۔اور سچ وہ بتا نہیں سکتی تھی۔۔۔۔

وہ میں نے تو میں دیکھا تھا یہاں اتے ہوئے تو بس اسی لیے اگئی۔وہ کھڑکی کی طرف دیکھتے ہوئے بول رہی تھی۔اسے مروہ کی ٹینشن تھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

اچھا چلو ابھی رات بہت ہو گئی ہے۔۔میں تو یہاں ڈلیوری کرنے ایا تھا اس روم میں۔اس نے روم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

اس روم میں کون ہے۔عائشہ نے اپنا اگلا سوال کیا۔اور اصفر کی طرف دیکھنے لگی جس کا ہاتھ ابھی بھی اس کے کاندھے پہ تھا۔۔

کیوں تم کیوں پوچھ رہی ہو اصفر نے بھی سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔نہیں بس ایسے ہی اس نے بات گھماتے ہوئے اسے جانے کا کہا۔۔

اسے مروہ کی ٹینشن تھی۔لیکن اصفر کو بتاتی بھی تو کیا بتاتی کہ وہ اس کی جاسوسی کر رہی ہے۔اس لیے اس نے خاموش رہنا ہی مناسب سمجھا اور اصفر کے ساتھ باہر چلی گئی۔۔

URDU NOVELISTS

سائم کی انکھ ابھی بہت مشکل سے لگی تھی۔کہ اس شور اس کی انکھ کھلی اس نے جلدی سے لیمپ ان کیا ۔اس نے بلینکٹ کو پیچھے کیا۔۔۔

یہ لڑکی کون ہے؟

اور یہاں کیا کر رہی ہے؟کئی سوالوں کو ذہن میں لیے وہ جلدی سے اٹھا سلیپر پہنے۔۔۔

ہیلو ہواز۔۔۔۔وہ نیچے بیٹھا۔ساتھ ہی اس نے مروہ کے بال پیچھے کیے۔سارے بال اس کے منہ پر اچکے تھے۔سائن ایک دم سے سکتہ میں چلا گیا تھا مروہ کو دیکھ کر۔اس کے لفظوں نے لڑکھڑانا شروع کر دیا تھا۔۔۔

وجود میں تھوڑی ہمت ائی تو اس نے ہاتھ اگے بڑھایا۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے ساختہ اس کے منہ سے نکلا پھر اس نے جلدی سے مروہ کو اٹھایا اور بیڈ پے لے ایا۔اس کے ماتھے پہ خون تو نہیں تھا لیکن گہرا نشان پڑا تھا۔۔۔

مروہ۔۔اس نے اس کے چہرے کو تھپتھپاتے ہوئے اسے اٹھانے کی کوشش کی اور یہ ہمت اس نے بڑی مشکل سے پیدا کی تھی۔۔۔۔۔

اس نے گرم کپڑے سے اس کے زخم کو ہیٹ کیا۔مرہم لگانے کے بعد اس نے بلینکٹ اس کے اوپر اوڑا اور ارام سے لٹایا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

۔اس کے ذہن میں یقیناً بہت سے سوال تھے لیکن اس ٹائم اسے صرف مروہ کی فکر تھی۔اس نے ایک نظر کھڑکی اور پھر باہر دیکھا تو کوئی نہیں تھا۔مروہ کے بیگ کو اٹھا کر سائیڈ پہ رکھا۔۔

کیا یہ میرے پیچھے؟

نہیں نہیں وہ میرے پیچھے کیوں ائے گی۔وہ انہی سوالوں کی کشمکش میں تھا۔۔۔۔۔

عائشہ وہ تمہارے ساتھ گئی تھی مجھے بتاؤ مروہ کہاں ہے ہمیں بہت فکر ہو رہی ہے۔علیزے ان عائشہ لوگوں کے دروازے کے باہر کھڑی تھی۔رات کے تقریباً دو بج تو چکے تھے۔۔۔۔

ہاں وہ میرے ساتھ تھی لیکن اس کے بعد مجھے نہیں پتا وہ کہاں گئی دیکھو ابا اٹھ جائے گا اور پھر مجھے بہت مارے گا۔عائشہ کے والد بہت سخت تھے وہ پہلی بھی چھپتے چھپاتے باہر نکلی تھی اور اب وہ بہت ہی ڈر چکی تھی۔تو اس نے علیزے کو کچھ نہیں بتایا۔اور دروازہ بند کر دیا۔۔۔۔۔

ریحان نے بھی رات بھر مروہ کو ڈھونڈنے میں گزاری۔۔۔۔۔

صبح کے سات بجے تھے جب مروہ کی انکھ کھلی۔چوٹ والی جگہ پہ اسے شدید درد تھا اس نے اٹھتے ہی وہاں پہ ہاتھ رکھا۔لیکن ایک دم سے رات والے منزل اس کے دماغ میں ایا تو اس نے کمرے کو دیکھا۔اسے اپنی کمر پہ کسی کا بہت محسوس ہوا۔تو اس نے ایک نظر سائم کے ہاتھ پہ جو اس کی کمر پہ تھا اور پھر سائم کو دیکھا۔وہ بیڈ کرون کے ساتھ ٹیک لگائے لیٹا ہوا تھا۔اس کی انکھ تھوڑی دیر پہلے ہی لگی تھی۔ساری رات تو بس اسے مروہ کی ٹینشن تھی۔

مروا نے اس کے بازو کو زور سے پیچھے کیا تو اس کی بھی انکھ کھل گئی۔۔۔۔

ت۔۔۔۔۔تم مروا ٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو اور۔۔

میں کیا کر رہا ہوں تم بتاؤ تم کیا کر رہی ہو تم رات کو میرے کمرے میں چوروں کی طرح آئی۔سائم ابھی بول ہی رہا تھا کہ اس کی نظر اس ماتھے پہ پڑی۔۔۔۔

۔اور اب کیسی ہو درد تو نہیں ہو رہا۔سائم نے ہاتھ اس کے ماتھے پہ رکھنا چاہا۔لیکن مروہ فورا سے ہی پیچھے ہٹی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

میں وہ کچھ بولنے ہی والی تھی کہ دروازے پہ دستک ہوئی۔۔۔۔۔

سائم نے ایک نظر اسے دیکھا اور پھر اٹھا دروازہ کھولنے کے لیے۔۔

سر رات کو اپ کے کمرے میں ایک لڑکی گھسی ہے ہمیں لگتا ہے وہ چور ہے۔ہم نے سی سی ٹی وی فوٹیج سے چیک کیا ہے ہمیں آپ کا کمرہ چیک کرنا پڑے گا۔وہ تین لڑکے تھے۔۔۔

سائم نے پیچھے بیڈ پر دیکھا تو وہ لڑکے بھی پیچھے دیکھنے لگے۔۔فاصلہ زیادہ نہیں تھا تو وہ مروہ کو اسانی سے دیکھ سکتے تھے۔۔۔۔

سائم پزل ہو چکا تھا۔کیونکہ وہ جس طریقے سے بیڈ پر بیٹھی تھی وہ کیا ایکسپلین کرے اسے کچھ سمجھ نہیں ا رہا تھا۔۔۔

وائف ہے میری وہ۔۔۔۔۔۔۔

سائم کو سمجھ نہیں ایا تو اس نے مروہ کو بچانے کے لیے یہی بول دیا۔مروہ کو بھی سنائی دیا تھا وہ سن کر حیران ہوئی تھی لیکن اس کی جان بھی ایسے ہی بچ سکتی تھی۔۔

http://www.urdunovalists.com

۔

لیکن ان میں سے ایک لڑکا مروہ کو دیکھ کر چونکا اور اندر کی طرف ایا کیا یہ وائف ہیں اپ کی۔۔۔

مروا سے دیکھتے ہی ایک دم سے کھڑی ہو گئی۔اس نے سائڈ سے دوپٹہ اٹھایا اور کر لیا۔۔۔

ہاں کیوں کوئی پرابلم ہے سائم بھی اس کے پیچھے ہی ایا۔۔
بنا اجازت اندر کیسے گھس رہے ہو۔سائم نے اسے کاندھے سے پکڑا۔۔۔۔۔۔

مرواتم نے کب نکاح کیا اس سے۔اس کے منہ سے مروہ کا نام سن کے سائم بھی اپ ٹینشن میں چلا گیا تھا۔۔۔

وہ می۔۔۔۔بولتے بولتے چپ ہو گئی کیونکہ اس کے پاس تو الفاظ ہی نہیں تھے۔وہ بری طرح سے کانپ رہی تھی۔۔۔۔۔

سائم یہ ریحان کے بڑے بھائی ہیں۔اس نے سائم کو بس پریشانی سے اگاہ کیا۔یہ سنتے ہی سائم نے اپنا ایک ہاتھ ماتھے پہ رکھا۔۔۔۔۔
یقیناوہ دونوں بہت برے پھنس چکے تھے۔

اتنی دیر میں وہ لڑکا باہر گیا یقینا اس نے ریحان کو فون کیا تھا اور تھوڑی ہی دیر میں ریحان اور علیزے وہاں پہنچ چکے۔۔

صبح ہوتے ہی عائشہ بھی اسی ہوٹل میں ائی تھی اسے مروا کی ٹینشن تھی۔اور اسے ساری بات کا علم ہو چکا تھا۔وہ مروا کو ابھی بھی فورس کر رہی تھی کہ وہ کسی کو سچ نہ بتائے ورنہ بات بہت اگے پھیل جائے گی۔۔

مروہ تم کیا کہہ رہی ہو۔مروہ بھی اسی بات پہ قائم تھی کہ انہوں نے نکاح کر لیا ہے کیونکہ اگر وہ یہ نہ کہتی تو رات بھر اس کمرے میں تھے اور نہ جانے کتنے سوال اٹھ جاتے۔۔۔۔۔۔

مجھے نہیں لگتا ان دونوں نے نکاح کیا ہے۔یہ بنا نکاح کے اس کمرے میں تھے اور ہمیں دیکھ کر بہانے بنا رہے ہیں ریحان کے بھائی نے پھر سے سائم کو افق نگاہ سے دیکھا۔۔۔۔

میں نے کہا نا ہم نے نکاح کیا ہے سائم نے اسے گریبان سے پکڑا۔میرے سامنے اپنی تربیت دکھانے کی ضرورت نہیں ہے۔سائم نے اس کی انکھوں میں انکھیں ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

تو ریحان قدم بڑھا کے اگے ہوا اور ان کو پیچھے کیا۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اچھا نکاح کیا ہے تو نکاح نامہ دکھاؤ ہمیں بھی یقین اجائے گا۔۔۔۔۔ ریحان کے بھائی نے بھی شرٹ ٹھیک کرتے ہوئے سائم کو کہا۔ لیکن سائم کے پاس تو کوئی نکاح نامہ نہیں تھا وہ کچھ دیر تو خاموش رہا۔ لیکن پھر ریحان اور علیزے کے فورس کرنے پر۔ اس نے ایک نظر مروہ کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

ریحان اپنی عزت بچانا چاہتا تھا کیونکہ اگر اس کے بھائی نے یہ بات باہر پھیلا دی۔ تو وہ اچھے خاصے بدنام ہو سکتے تھے۔۔۔۔۔

نکاح نامہ میں جیب میں لیے نہیں پھر رہا۔ شام کو دکھادوں گا۔ وہ بھی بری طرح پزل ہو چکا تھا لیکن اب بات مروہ کی عزت پر ائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

نکاح نامہ جھوٹا بھی بن سکتا ہے اس کے لیے نکاح کرنا ضروری نہیں ہے۔ یہ کہتے ہی مروہ نے اپنا رخ دوسری طرف کر لیا تھا۔ بیٹھے بٹھائی اس کے سر پہ مصیبت ان پڑی تھی۔

اگر جھوٹا بن جاتا ہوتا تو مجھے تمہاری منتیں کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ اچھا ٹھیک ہے۔ تو میں جا کے سب کو سچ بتا دیتا ہوں۔ سائم نے بھی جان چھڑانے والے انداز میں بات کہی۔۔۔

ریحان کے بھائی کی باتیں سائم کے دل میں چبھی تھی۔وہ اسے منہ توڑ جواب دینا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ایسا کچھ بھی نہیں کرنا دیکھو ہماری زندگی تباہ ہو جائے گی۔عائشہ سائم سے التجا کر رہی تھی۔کیونکہ اگر سچ سامنے اتا۔تو غلطی سراسر عائشہ کی تھی۔اب اسے جان کے لالے پڑ گئے تھے وہ قدم اٹھاتی مروہ کے پاس ائی۔

اب کمرے میں بس سائم اصفر عائشہ اور مروہ تھے۔۔۔

اور یہ حقیقت سے واقف تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھو سائم ٹھیک کہہ رہا ہے۔عائشہ نے اس کے کان میں کہا تھا۔۔۔

میں سچ بتا دوں گی۔لیکن مروہ کوئی بھی راز رکھنے کے موڈ میں نہیں تھی۔وہ چیختی ہوئی جا کے چیر پر بیٹھ گئی۔۔

اچھا شوق سے بتا دو پھر یہ کیا ایکسپلین کرو گی کہ ساری رات تم لوگ اس کمرے میں۔۔عائشہ بولتے بولتے چُپ ہو گئی تھی۔۔

http://www.urdunovalists.com

یار ایک نکاح نامہ ہی تو لینا ہے یہ بعد میں تمہیں ڈیورس دے دے گا۔ بھلا دیکھو اسے تم سے کیا مطلب۔ جتنا ہینڈسم ہے۔ اسے لڑکیوں کی کمی تھوڑی ہے یہ بات اس نے مروہ کے کان میں کہی تھی۔ غنیمت مانو کہ یہ نکاح کے لیے مان گیا ہے۔ عائشہ نے سائم کی پرسنلٹی دیکھتے ہوئے مروہ کو کہا۔ اور گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھ کے اس نے مروہ کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیا۔ انداز تسلی دینے والا تھا۔۔۔

میں نے کہا نا نہیں تو نہیں مروا نے ایک جھٹکے میں اسے پیچھے کیا۔۔۔

لیکن مروہ کے پاس کوئی اور اپشن بھی نہیں تھا عائشہ کے بہت اصرار کرنے پر وہ مان گئی تھی۔ لیکن طے یہ پایا تھا کہ سائم بعد میں مروہ کو ڈیورس دے دے گا۔

مروہ کبھی نہ مانتی اگر ریحان اور علیزے کا بھی اس میں پریشر نہ ہوتا۔ تو یہ بات ریحان کے خاندان میں پھیل جاتی۔۔ اور ان کی اچھی خاصی بدنامی ہوتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں سائم نے اور مروا سے کورٹ میرج کر لی تھی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

چلو مجھے ڈیورس دے دو۔ نکاح نامہ تو بن گیا نا اب ڈیورس دے دو۔ مروا نے نکاح نامے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ اس نے گاڑی میں بیٹھتے ہی احتجاج شروع کر دیا تھا۔

یہ بچوں کا کھیل نہیں ہے مروا۔ دے دوں گا ڈیورس مجھے شوق نہیں ہے تمہیں اپنے ساتھ رکھنے کا ویسے بھی میں کینڈا واپس جا رہا ہوں۔ پتہ نہیں کون سی منوس گھڑی تھی جب واپس ایا۔ وہ بہت سپیڈ سے ڈرائیو کر رہا تھا۔ اس کی نظر مسلسل سامنے روڈ پر تھی۔ استینوں کو فولڈ کیا ہوا تھا۔۔۔

شام میں ایک دفعہ پھر پنچایت لگ چکی تھی۔ سائم تو ہمارے پاس کچھ چھوڑنے کی غرض سے یہاں ایا تھا۔ وہ اب اس کے نکاح میں تھی لیکن وہ کسی قسم کی زبردستی نہیں کر سکتا تھا۔ وہ اب اپنی اسی حال پہ خوش تھا جس حال میں وہ تھا۔

دیکھو اب تم دونوں کا نکاح ہو گیا ہے اچھا ہو گا کہ مروہ کو تم اپنے ساتھ لے جاؤ۔ تم دونوں کی وجہ سے اگے بھی بہت کچھ برداشت کر چکے ہیں اور برداشت نہیں کریں گے۔ ہارون کا لہجہ سخت تھا۔

علیزے کے ہاتھ میں نکاح نامہ تھا اور وہ تو کچھ بول ہی نہیں پا رہی تھی جیسے زبان حلق سے کھینچ لی ہو۔ وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی کیونکہ اسے نہیں لگتا تھا کہ مروہ ایسا کچھ کر سکتی ہے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ریحان بھائی اپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں۔میں کہیں نہیں جاؤں گی اس نے ایک نظر سائم اور پھر ریحان کو دیکھا۔۔۔

اس نے بلیک شارٹ فراک پہنی تھی۔دوپٹہ گلے میں تھا اور بال کھلے ہوئے تھے۔۔۔

دیکھو تم نے اس کے ساتھ نکاح کیا ہے تم اب سائم کی ذمہ داری ہو ہماری نہیں۔اور ہم یہ جاننے میں کوئی انٹرسٹ نہیں رکھتے کہ نکاح کیوں اور کس وجہ سے کیا ہے بس اب تمہارا نکاح ہو گیا ہے اچھا ہو گا تم اس کے ساتھ جاؤ۔۔۔۔

علیزے دیکھو یہ کیا کہہ رہے ہیں۔مروہ کو جب وہاں سے کوئی امید نہیں ملی تو وہ علیزے کے پاس ائی۔وہ سائم کے ساتھ تو ہر گز نہیں جاسکتی تھی وہ جانے کا سوچ بھی نہیں سکتی تھی۔اور سائم بھی اس سب کے لیے تیار نہیں تھا۔۔۔

۔لیکن وہ مروہ کی ذمہ داری سے انکار کیسے کر سکتا تھا اب کہ جب کہ وہ اس کی بیوی تھی۔وہ دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا تھا۔دونوں بازو باندھے ہوئے تھے۔گرے کلر کی شرٹ نیچے وائٹ جینز پھر نیچے سپورٹ شوز۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس سے پہلے کہ علیزے اسے کوئی تسلی دیتی ریحان نے اس کا بازو پکڑا اور وہ دونوں کمرے میں چلے گئے۔۔

مروہ نے ایک نظر سائم کو دیکھا جو ابھی بھی دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا تھا اور سارا تماشہ دیکھ رہا تھا۔ مروہ کے دیکھتے ہی اس نے اشارے سے کہا کہ اب کیا کرو گی۔۔۔

تم کہیں یہ تو نہیں سوچ رہے کہ میں تمہارے ساتھ چلی جاؤں گی۔ تم مجھے ابھی ڈیورس دو ابھی اور اسی وقت ڈیورس دو سائم۔

اوکے میں دے دیتا ہوں۔ وہ دیوار سے ہٹا اور اس کے پاس ایا لیکن مجھے نہیں لگتا کہ ریحان تمہیں اور یہاں رکھنے والا ہے۔ تمہارے لیے بھی بہتر یہی ہے کہ ابھی کے لیے میرے ساتھ چلو۔۔ پھر تم اپنا فیصلہ لے لینا۔۔۔

میں تمہارے ساتھ کہیں نہیں جا رہی ہوں مجھے یہیں رہنا ہے۔ تم جب بھی اتے ہو مصیبتیں اتی ہیں۔ پتہ نہیں تم سے کب جان چھوٹے گی میری۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

اس کے اس انداز سے سائم کو بھی تھوڑا غصہ ایا۔ کیونکہ اس کے لیے کیا مشکل تھی۔ کہ وہ صاف منکر جاتا اور جو سچ تھا وہ بتا دیتا۔ لیکن وہ مروہ کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں تمہیں اپنے ساتھ رکھنا بھی نہیں چاہتا میں بتا چکا ہوں کہ میں کل کینڈا واپس جا رہا ہوں۔۔۔۔

اور ڈیورس بجوا دوں گا یہ کہتے ہی سائم وہاں سے نکل گیا۔۔۔

مروہ نے ایک لمبی سانس لی اور وہیں پر بیٹھ گئی جیسے اس کے سر سے کوئی بلا ٹلی ہو کیونکہ وہ سائم کو پانچ سال پہلے والا سائم ہی تصور کر رہی تھی جو منتیں کر تا اسے مناتا اور اپنے ساتھ لے جاتا۔ لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہوا تھا اس نے ارام سے اس کی بات مانی اور وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔

مروہ فاطمہ کے ساتھ ہی سویا کرتی تھی۔ اج بھی وہ فاطمہ کے ساتھ جا کر سو گئی تھی۔ لیکن صبح کیا ہونے والا ہے اس کے ذہن و گمان میں بھی نہیں تھا۔۔۔

وہ ساری رات نہیں سو پایا تھا اس کے ہاتھ میں نکاح نامہ تھا۔ جس پہ مروہ کے نام کے ساتھ اس کا نام جڑا تھا۔ نہ جانے اس نے دل کو کیسے قابو کیا تھا۔ یہ وہ لمحہ تھا جس کے لیے اس نے بہت قربانیاں دی تھی۔ لیکن اج بنا کوشش بنا قربانیوں کے اسے اسانی سے مل چکی تھی۔ لیکن وہ کسی قسم کی زبردستی نہیں کرنا چاہتا

تھا۔یاشاید وہ دل کو سمجھا چکا تھا۔اس نے خود سے عہد کیا کہ وہ صبح سب سے پہلے اسے ڈیورس دے گا۔اور بڑی مشکل سے خود کو اس کے لیے منایا۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ کی جب انکھ کھلی تو علیزے اور ریحان اس کے سرہانے کھڑے تھے۔۔۔

مروہ تم سائم کے ساتھ کیوں نہیں گئی۔اس کے اٹھتے ہی علیزے نے سوال کیا۔فاطمہ کو وہ پہلے ہی سکول بھیج چکی تھی۔۔

پورے خاندان میں باتیں ہو رہی ہیں۔مروہ کو خاموش دیکھ کر اس نے پھر سے سوال کیا۔اور یہ سوال وہ صرف ریحان کے ڈر سے کر رہے تھی۔علیزے کو موقع ہی نہیں ملا تھا کہ وہ پرسنلی اس سے سوال کر سکے۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

دیکھو مروہ اب تمہاری شادی ہو چکی ہے تم سائم کی ذمہ داری ہو اچھا ہو گا کہ تم چلی جاؤ۔ورنہ تمہیں باسط کا پتہ ہے وہ پورے خاندان میں پتہ نہیں کیا کیا باتیں بنائے گا۔اور ہم پہلے ہی بہت بدنام ہو چکے ہیں۔۔۔

یہ کہتے ہی ریحان باہر کی طرف چلا گیا۔وہ صاف صاف لفظوں میں مروہ کو جانے کا کہہ گیا تھا۔اور مروہ کا اس کے علاوہ کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔مرواعلیزے کو سوالیہ نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

اب میں کیا کروں مروا تمہیں بھی یہ سب کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا۔اخر تم نے سائم سے نکاح کیوں کر لیا تم تو اسے نفرت کرتی تھی۔۔۔

سائم ڈیورس کے پیپر پہ سائن کرنے ہی والا تھا کہ اس کا فون بجنے لگا۔اس نے پین کو ٹیبل پر رکھا اور فون کان کے ساتھ لگایا۔۔

مروا ب تمہاری بیوی ہے اچھا ہو گا کہ اسے اپنے ساتھ لے جاؤ۔اس سے پہلے کہ ہم تمہاری بیوی کو گھر سے باہر نکال دیں۔۔۔

سائم نے فون کان سے اتارا اور اسے بند کر دیا اس نے ریحان کو کوئی جواب نہیں دیا۔اس کا ایک ہاتھ اب ماتھے پر تھا پریشانی کے بل گہرے ہو چکے تھے۔

اس نے ڈیورس کے پیپر وہیں رکھے اور باہر نکل گیا۔۔۔۔

---

http://www.urdunovalists.com

شام ہو چکی تھی۔۔۔

وہ تمہیں کیوں ڈیورس دے گا بتاؤ مجھے یہ کیا ڈرامہ چل رہا ہے پہلے نکاح اور پھر ڈیورس۔ مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔علیزے کا دماغ چکرانے لگا تھا مروا کے ڈراموں سے۔ریحان ابھی باہر تھے۔۔

اس کا سامان پیک کر دو باہر سائم اسے لینے ایا ہے۔مروہ علیزے کی باتوں سے پہلے ہی ہرٹ ہو چکی تھی اس نے کوئی احتجاج کرنا مناسب نہیں سمجھا۔۔۔۔۔۔

وہ غصے سے باہر گئی۔۔۔

چلو سائم ہمیں چلنا چاہیے۔سائم تھوڑا حیران ہوا لیکن پھر اس کے ساتھ ہی باہر اگیا۔۔۔۔

تم مجھے۔۔اس نے ایک نظر سائم کو دیکھا۔تم مجھے کہیں کسی ہوٹل وغیرہ میں اتار دینا تمہارا کام ہو گیا اور یہاں سے دفع ہو جانا۔وہ بات کرتے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

ریحان نے تمہیں میری ذمہ داری ہے بھیجا ہے۔میں کوئی رزق نہیں لے سکتا ریحان نے تمہیں میری ذمہ داری پہ بھیجا ہے۔ہم کل کی فلائٹ سے کینڈا جا رہے ہیں تمہاری ٹکٹ کروادی ہے میں نے پھر وہاں جا کے جو مرضی کرنا۔

کینیڈا۔۔۔۔اس لفظ کو مروہ نے کافی کھینچا تھا۔اور اپنا رخ سائم کی طرف کیا۔۔۔۔۔

تمہارا دماغ تو نہیں خراب میں تمہارے ساتھ کہیں نہیں جاؤں گی۔اور تم میری ٹکٹس کیسے کروا سکتے ہو۔میرا پاسپورٹ۔۔۔

سائم نے اس کا پاسپورٹ اور ٹکٹ جو اس نے گاڑی کے سامنے ہی رکھے تھے اٹھا کر اسے دیا۔۔۔

دیکھو یہی بیسٹ اپشن ہے وہاں پہ جا کے تم دوبارہ سے کنٹینیو کر سکتی ہو۔اور میری طرف سے فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔میرے دل میں اب تمہارے لیے کوئی فیلنگز نہیں ہے۔زیرو فلنگز مروہ۔۔۔۔تھوڑا ری ایکٹ کرتے ہوئے اس نے مروہ کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

تو میرے دل میں بھی کوئی فیلنگز نہیں ہے۔اور اس احسان کی ضرورت نہیں ہے۔میں اپنا فیوچر خود سوچ سکتی ہوں۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

لیکن مجھے نہیں لگتا تمہارا فیوچر یہاں پہ سکور ہے۔میری مانو تو یہ افر بیسٹ ہے وہاں جا کے تم ایڈجسٹ کر سکتی ہو۔اس نے مروہ کو سوچنے پہ مجبور کر دیا تھا کیونکہ اس کے پاس اور کوئی اپشن تو بچا نہیں تھا۔۔۔

اور اخر کار مروہ اس کے ساتھ کینیڈا جانے کے لیے مان گئی لیکن صرف کینڈا جانے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ اندر سے بہت ہی ہرٹ تھی۔علیزے فاطمہ کو وہ کیسے چھوڑ سکتی تھی۔لیکن اب اس کے پاس کوئی اپشن بھی نہیں تھا۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں وہ ایک ہوٹل کے سامنے رکے۔فلائٹ کل کی تھی تو انہیں اج رات یہی رکنا تھا۔۔۔۔۔

ون رونم۔۔۔۔۔پلیز۔سائم نے اپنی ائی ڈی اور کارڈ کاؤنٹر پر رکھے اور ایک روم بک کرنے کا کہا۔۔۔

ایک روم میں تمہارے ساتھ نہیں رہنے والی۔مروہ نے اس کی بات سنتے ہی اپنا فیصلہ سنایا۔۔۔

اچھا ایسا ہے تو پھر تم بھی اپنا روم بک کروالو۔سائم نے رسیپشن سے کی لی اور اندر کی طرف جانے لگا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ نے ہاتھ اسے روکنے کے لیے بڑھایا لیکن پھر نیچے کر لیا۔۔۔

میں کیسے کرواؤں۔مروانے نظر رسپشن پہ دہراتے ہوئے کہا۔اور پھر اپنا بیگ چیک کیا جس میں پیسے بالکل بھی نہیں تھے۔۔۔۔۔

افففففففف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مروہ نے ایک لمبی سانس لی۔۔۔۔۔۔

اور پھر سامنے جا کے وٹینگ ہال میں بیٹھ گئ۔۔۔

سائم کمرے میں تو چلا گیا تھا لیکن اس کا دھیان مروہ کی طرف تھا۔اسے لگا تھا وہ اس کے پیچھے اۓ گی۔۔۔

URDU NOVELISTS

علیزے کھانا کھالو وہ سائم کے ساتھ ہے دونوں نے نکاح کیا ہے۔تمہاری بہن نے تو قسم کھائی ہے کچھ نہ بتانے کی۔اور تم اس کے لیے ایسے پریشان ہو رہی ہو ریحان کے لہجے میں غصہ تھا۔۔۔

اج سے پانچ سال پہلے جو ہوا ہے ابھی تک اس کے نشان نہیں گئے۔جب بھی موقع ملتا ہے لوگ اس بات کو اٹھا لیتے ہیں۔اور اب یہ اس نے کھانا چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔

ماماہالہ نے کیا کیا ہے فاطمہ نے معصومیت سے پوچھا۔اور کیا حالا اب کبھی واپس نہیں ائیں گی۔اس نے سوالیہ نظروں سے دونوں کو دیکھا۔۔

نہیں بیٹا اپ ارام سے کھانا کھاؤ حالہ اجائیں گی اور حالہ کی شادی ہوگئی ہے نا اس لیے۔۔علیزے نے ایک نوالہ اس کے منہ میں ڈالا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا تمہیں روم نہیں ملا کیا۔سائم تھوڑی دیر میں نیچے آیا اور اس کے سامنے ٹیبل پر بیٹھ گیا۔۔۔

مروہ جو ٹیبل پر ٹانگیں رکھے بیٹھی تھی اس نے ٹانگوں کو سیدھا کیا۔۔۔۔

اور اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔

یہ ہوٹل بہت ایکسپنسو ہے۔۔۔

میں افورڈ نہیں کر سکتی۔اس نے معصومیت سے جواب دیا۔۔

http://www.urdunovalists.com

او یہ مسئلہ ہے۔تو کیا تمہیں میری ہیلپ چاہیے۔۔۔انسانیت کی خاطر تو میں کر ہی سکتا ہوں۔اس نے اپنی ہنسی کو بہت مشکل سے کنٹرول کیا تھا۔۔۔۔

تمہیں لگتا ہے میں یہاں پہ تمہاری ہیلپ کے لیے بیٹھی ہوں۔میں یہیں ٹھیک ہوں۔۔۔۔مروانے اپنا رخ دوسری طرف کر لیا۔جیسے اب وہ اس کے کسی سوال کا جواب نہیں دینا چاہتی۔۔۔

ایزیو وش۔۔۔۔اس نے بڑے ہی ارام سے کہا۔

ویسے ابھی کے لیے ہم ہسبنڈ وائف ہیں مجھے نہیں لگتا کہ ایک ہی کمرے میں رہنے سے ایک ہی بیڈ پہ سونے سے کوئی پرابلم ہوگی۔۔۔

میں تمہاری موجودگی میں سانس بھی نہ لوں تم کمرے میں رہنے کی بات کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے کہا نا میں ٹھیک ہوں اب تم یہاں سے جا سکتے ہو۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ ہماری وجہ سے پھنس گئی۔اصفر مجھے تو بہت فکر ہو رہی ہے اس کی۔عائشہ فون کان کے ساتھ لگائے بیڈ پر بیٹھی تھی۔۔

عائشہ تمہاری وجہ سے وہ بیچاری پھنس گئی تمہیں کیا ضرورت تھی۔میری جاسوسی کرنے کی۔۔

وہ دونوں ہی ایک دوسرے کو کوس رہے تھے۔

لیکن اب سچ بتانے کا کیا فائدہ ہو گا۔۔ان دونوں کا تو ویسے بھی نکاح ہو گیا ہے۔عائشہ نے قدرا سانی سے کہا۔جیسے اسے مسئلے کا حال مل گیا ہو۔۔

دیکھیں یا تو اپ روم میں چلی جائیں یا باہر اپ یہاں نہیں بیٹھ سکتی۔۔۔۔

میں کیوں نہیں بیٹھ سکتی میرے ہسبنڈ نے وہ کمرہ بک کروایا لیکن میں کمرے میں نہیں رہ سکتی اس لیے میں یہاں رہ رہی ہوں۔مروہ پہلے ہی سردی سے کانپ رہے تھی۔اس نے اپنے سامان سے ایک چادر نکال کر اپنے اوپر اڑی تھی۔۔۔

ریسپشن سے ائی لڑکی نے اسے اور کانپنے پہ مجبور کر دیا تھا۔۔۔

تو اپ اپنے ہسبینڈ کے روم میں جائیں یہاں بیٹھنا الاؤ نہیں ہے۔۔۔

مروا نے ایک نظر اوپر دیکھا کیونکہ سائم کا روم سیکنڈ فلور پر تھا۔۔۔۔

اور پھر باری قدم اٹھا کر اس کی طرف گئی۔رات کے 12 بجے تھے اور اسے بھوک بھی شدید لگی تھی۔۔

وہ پہلے تو باہر کھڑی سوچتی رہی۔۔پھر تھوڑی ہمت کر کے اس نے دروازہ نوک کیا۔۔۔

اجاؤ مروہ ڈور کھلا ہے۔۔مروہ سن کر تھوڑی حیران ہوئی لیکن پھر اگلے ہی لمحے اندر اگئی۔۔۔۔۔

سائم بیڈ پر بیٹھا لیپ ٹاپ پہ مصروف تھا۔ایسے جیسے مروہ کے انے یا جانے سے کوئی مسئلہ ہی نہیں۔جیسے مروہ اس کے لیے ایک ارڈنری انسان ہو۔۔۔۔۔

اس نے ایک نظر بھی اسے نہیں دیکھا تھا۔اور یہ بات اسے اندر ہی اندر کھٹک رہی تھی۔لیکن وہ بہت تھک چکی تھی۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ نے دور پڑی چیئر کو اگے کھینچا بیڈ کے پاس لے کے ائی۔اس نے اپنا شولڈر بیگ اتار کر سائیڈ پہ رکھا سائم سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا اور سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔مروا نے چیئر بیڈ کے قریب کی چیئر تھوڑی باری تھی تو اسے تھوڑی مشکل ہوئی اور اس پہ بیٹھی گئی اپنے پاؤں بیڈ پر رکھ کے سیدھے کیے۔اور سائم کے بلینکٹ کو اپنی طرف کھینچا۔اور چیئر پر ٹیک لگا کے سو گئی۔۔۔۔۔

یہ کیا طریقہ ہے مروہ تم بیڈ پر اکے لیٹ جاؤ سائم نے لیپ ٹاپ فولڈ کیا۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ مروہ کو جواب دیتی ڈور بیل بجے تو سائم نے اندر انے کی اجازت دی۔ایک لڑکی کھانے کی ٹرے لے کے ائی اور اس نے سامنے پڑے ٹیبل پہ رکھی۔۔۔

چلو کھانا کھاتے ہیں سائم خود اٹھا اور مروہ کو اٹھنے کا کہا۔۔

مجھے اگر کھانا ہو گا تو میں اپنے پیسوں سے کھا لوں گی۔اپنے احسانات اپنے پاس رکھو۔کسی ایکسٹرا فیور کی ضرورت نہیں ہے مجھے۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ائی گیسٹ تم نے صبح سے کچھ نہیں کھایا ہو گا۔تو یہ اخری چانس ہے اگر کھانا کھانا ہے تو وہاں پہ اجاؤ۔ورنہ تمہیں صبح تک بھو کھا رہنا پڑے گا۔اب اسے پنشمنٹ سمجھو یا رول سمجھو یہ اب تم پہ ڈیپینڈ ہے۔مر وہ کو شدید بھوک لگی تھی۔۔۔۔

لیکن اس نے سائم کی کسی بات پے دھیان دیے بغیر اپنی انکھیں بند کرلی تھی۔۔۔۔

تو تم نہیں کھا رہی مر وہ سائم نے پھر سے سوال کیا۔اسے فکر تھی مر واکی۔وہ اس کے بغیر کیسے کھا سکتا تھا۔۔۔۔

میں نے کہانا مجھے نہیں کھانا اور اگر جب کھانا ہو گا تو میں خود کھا سکتی ہوں۔مر وہ کا لہجہ تھوڑا سخت ہوا تو سائم بھی اپنے ایٹیٹیوڈ میں واپس ایا۔۔

اس نے اکیلے ہی کھانا کھایا۔مر وہ اتنی دیر میں سو چکی تھی اور وہ بھی گہری نیند۔۔۔۔۔۔۔

سائم نے ایک نظر اسے دیکھا اور پھر اپنی سائڈ پہ اکے لیٹ گیا۔لیکن اسے ابھی بھی فکر تھی مر واکی وہ جانتا تھا کہ اس نے صبح سے کچھ نہیں کھایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم کی انکھ کھلتے ہی اس نے مروہ کو اپنے نزدیک پایا۔۔۔

۔سائم کا ہاتھ مروہ کی کمر پہ تھا۔وہ پوری طرح سے اس کے اوپر جھکا ہوا تھا۔۔۔

سائم نے اپنے ہاتھ سے اس کے چہرے سے بالوں کو پیچھے کیا۔۔

تم اتنی خوبصورت کیوں ہو۔۔۔

وہ سرگوشی میں بولا تھا۔سائم نے اپناہاتھ مروہ کے چہرے پہ رکھا۔وہ اسے مسلسل دیکھے جارہا تھا۔اس سے پہلے کہ وہ بے قابو ہوتا۔چہرے پہ لمس محسوس کرتے مروہ کی انکھ کھل گئی۔۔۔

سائم۔۔۔بے ساختہ اس کے منہ سے نکلا۔یہ کیا کررہے ہو۔اس کا ہاتھ پیچھے ہٹایا۔تو سائم بھی ایک دم سے ہوش میں ایا۔۔

یہ کیا بدتمیزی تھی۔

تم میرے پاس کیوں ائے۔مروہ اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

http://www.urdunovalists.com

پہلے تم بتاؤ تم تو چیئر پر سو رہی تھی۔اب مروہ کے ذہن میں رات والا سین گھوم رہا تھا جب وہ چیر پر سوئی سوئی تنگ اگئی تھی اور اکے یہاں سوئی تھی۔۔۔

میری کمر میں درد ہو گیا تھا اس لیے اس نے معصومیت سے جواب دیا اور اس کی طرف دیکھا۔اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تم کچھ بھی کرتے پھر و گے۔۔۔

ویسے تو تم میری وائف ہو۔میرا پورا حق ہے۔لیکن تم جیسا سوچ رہی ہو ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔میں سو رہا تھا پتہ نہیں کب تمہاری طرف اگیا۔سائم بالکل ریلیکس تھا جیسے کچھ ہوا نہیں ہے۔یا وہ ایکٹنگ کر رہا تھا۔وہ اٹھا اور پھر باتھ روم میں فریش ہونے چلا گیا۔مروہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتی رہی۔کہ اس کے کہنے کا مطلب کیا ہے۔۔۔

اب پتہ نہیں یہ ناشتہ کب منگوائے گا میرا تو بھوک سے برا حال ہے۔مروا نے ایک ہاتھ پیٹ پہ رکھا۔اور دروازے کی طرف دیکھنے لگی۔۔۔۔

تم بدل گئے ہو۔۔۔۔۔

تمہیں رات کو ہی مجھے فورس کرنا چاہیے تھا کھانے پہ۔

اگر میں بھوک سے مر جاتی تو۔وہ خود ہی سوال کرتی تو خود ہی جواب دیتی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

کہ اچانک سے دروازے کی بیل بجی تو فورا سے مروہ دروازے کی طرف گئی۔اسے یقین تھا کہ ناشتہ ہی ایا ہو گا۔۔

گڈ مارننگ میم۔۔۔۔

وہ لڑکی اندر ائی اس کے ہاتھ میں ایک ٹرے تھا۔ جس میں بریڈ انڈا چائے۔کچھ ڈرائی فروٹس فروٹس۔اور بھی بہت کچھ تھا اور مروا نے اس کے جانے تک کا کا پتہ نہیں کیسے ویٹ کیا۔اس کے جاتے ہی اس نے چیئر اگے کی اور ناشتہ شروع کر دیا۔سائم شاور لے رہا تھا۔۔۔۔

مروا کچھ رولز ہوتے ہیں مارننگ کے سائم واش روم سے نکلا ہی تھا۔کے مروہ کو ایسے کھاتے دیکھا کر اس نے اپنی ہنسی بہت مشکل سے کنٹرول کی تھی۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

پہلے فریش ہو جاؤ پھر ارام سے کھالینا۔مروہ نے نظر اٹھا کر پیچھے دیکھا تو وہ بنا شرٹ کے تھا۔اس نے ایک دم سے اپنی نظریں موڑی۔تو سائم ہلکا سا مسکرا۔۔۔۔

تم میں تو تھوڑی سی بھی شرم نہیں ہے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

دیکھو یہ میرا روم ہے۔میری پرائیوسی تم نے ڈسٹرب کی ہے۔پرابلم مجھے ہونی چاہیے تمہیں نہیں۔وہ شرٹ پہنتے اس کے سامنے ایا تھا۔استینوں کو فولڈ کرتے وہ سامنے والی چیئر پر بیٹھا۔اور شرٹ کا اخری بٹن بند کیا۔۔

تم بہت ہی بے شرم ہو سائم۔یہ کہنے پہ وہ خود کو نہیں روک سکی۔لیکن اس نے کھانا نہیں چھوڑا تھا۔۔۔

صرف تمہارے معاملے میں۔۔

میرے معاملے میں کیا مطلب۔اس کو ٹوکتے ہوئے مروہ ایک دم سے بولی۔۔

مروہ تم میری وائف ہو۔اور وائف سے کیسی پرائیویسی۔۔

URDU NOVELISTS

اچھا ایسا ہے تو وہ زیرو فلنگز والی بات پہ تم منکر گے۔۔

نہیں میں کیوں منکروں گا فلنگز نہیں ہے میرے دل میں۔سائم کافی ہاتھ میں اٹھاتے سیدھا ہوا۔۔۔

اگر فیلنگز نہیں ہے تو پھر یہ سب۔۔۔

دیکھو تم ابھی میری وائف ہو میں نے تمہیں ڈیورس نہیں دی ابھی ہم ایک بیڈ پر سوئے تھے اس نے بیڈ کی طرف اشارہ کیا۔ پھر صبح ساتھ میں اٹھے ساتھ میں ناشتہ کیا۔ تو۔۔

تو اس کا کیا مطلب ہے سمجھاؤ مجھے۔ مروہ اب شاید کھانا ختم کر چکی تھی وہ سیدھی ہو کے بیٹھی اور استانیوں کی طرح اس سے پوچھنے لگی۔۔

میرا فلائٹ مس کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ تمہارے ان فالتو کے سوالوں کا جواب میں پھر کبھی دوں گا۔ اور فکر مت کرو میں اپنی بات پہ قائم ہوں۔۔ ڈیورس دے دوں گا۔ لیکن جب تک ساتھ ہو تب تک ساتھ رہو۔ اس کے لہجے میں محبت اور التجا دونوں تھے۔۔۔

وہ تھوڑی ہی دیر میں فلائٹ کے لیے نکل گئے تھے۔۔

ویسے مروا تم نے کیا سوچا ہے تم کہاں جاؤ گی۔ وہ دونوں جہاز میں بیٹھ چکے تھے۔ اس کا سیٹ بیلٹ باندھتے ہوئے سائم نے اس سے سوال کیا۔۔۔

مجھے جہاں جانا ہو گا میں چلی جاؤں گی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تم کتنے بدل گئے ہو۔ مروا نے من ہی من میں کہا اور یہ بات اس نے شدت سے محسوس کی تھی۔۔۔

فلحال کے لیے تم میری وائف ہو۔ مجھے پتہ ہونا چاہیے کہ تم کہاں جاؤ گی۔۔۔۔

تو ڈیورس دو مجھے میں کہہ رہی ہوں۔ کیوں نہیں دی ابھی تک تم نے۔ چلو ابھی دو تین دفعہ ہی تو کہنا ہے۔ میں سن رہی ہوں وہ سنجیدگی سے کہہ رہی تھی۔ جبکہ اس کے لفظ سائم کے دل میں اٹکے ہوئے تھے۔۔۔

سائم نے ایک نظر اسے دیکھا اور اپنا رخ دوسری طرف کر لیا۔۔

میں کیا کہہ رہی ہوں تمہیں سمجھ نہیں ارہا۔۔۔

کہا ہے نہ دے دوں گا۔ سائم بحث کرنے کے موڈ میں نہیں تھا تو چپ ہو گیا اور باہر کی طرف دیکھنے لگا۔۔

مروہ بھی کچھ دیر سوچنے کے بعد اب گہری نیند سو چکی تھی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ایک تو یہ کتنا سوتی ہے اسے دیکھتے ہی سائم نے من ہی من میں کہا۔اور اپنے ویسٹ کوٹ کے اوپر سے کوٹ اتار کر اس کے اوپر دیا۔وہ سارے سفر بچوں کی طرح اسے ٹریٹ کر رہا تھا۔اس کا سر اپنے کاندھے پہ رکھے وہ ساری اذیتوں کو بھول چکا تھا۔اگلے ہی دن وہ کینڈا پہنچ چکے تھے۔کیلگری انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ان کا جہاز لینڈ ہوا۔۔۔

اب میں چلی جاؤں گی۔مروہ نے اس کا ہاتھ چھوڑا۔۔۔

تم کہیں نہیں جا رہی۔جب تک میرے نکاح میں ہو۔میری ذمہ داری ہو تم۔سائم نے اسے پیچھے کھینچا۔۔۔

چلو اجاؤ سائم اسے گاڑی کی طرف لے کے جا رہا تھا۔اس نے پہلے ہی اپنی گاڑی ایئرپورٹ پر منگوالی تھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

میں نے کہا نہ میں چلی جاؤں گی مجھے تمہارے ساتھ نہیں جانا۔۔۔

مروہ جب تک نکاح میں ہو میرے ساتھ رہو گی کہہ دیا نا میں نے اب کچھ نہیں سننے والا۔۔۔

میں علیزے لوگوں سے مل کے بھی نہیں ائی صرف تمہاری وجہ سے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اچھامیری وجہ سے کیامیں نے روکا تھا۔۔سائم نے نظر اس کی طرف گھمائی۔۔۔

یہ مروہ کا فون پتہ نہیں کیوں نہیں لگ رہا۔علیزے اسے مسلسل کال کر رہی تھی۔لیکن فون انریچیبل ارہا تھا۔۔۔

ابھی تک تو وہ دونوں کینیڈا اجا چکے ہوں گے۔ریحان نے چائے کا کپ ٹیبل پر رکھا اور اس کی پریشانی دور کی۔۔۔

کیامطلب کینیڈا وہ ان کے پاس اکے بیٹھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

سائم نے اس کا پاسپورٹ مانگا تھا مجھ سے اور میں نے دے دیا تھا۔۔۔

اور اپ نے یہ بات مجھے نہیں بتائی۔علیزے نے اپنا موبائل ٹیبل پر رکھا اور کھڑی ہو گئی۔وہ اتنی دور چلی گئی مجھ سے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اپ جانتے بھی تھے کہ وہ ناراض ہیں ہم سے۔۔۔

بیگم ناراض ہمیں ہونا چاہیے جو حرکت اس نے کی ہے۔

اب ہوتی ہے تو ہوتی رہے ریحان اتنی سی بات کر کے دوسری طرف چلے گئے۔۔

علیزے گہری سوچ میں چلی گئی تھی۔اور جاتی بھی کیسے ہیں ناوہ اس کی ہی تو بہن تھی اور رشتہ رہا کہاں تھا۔۔۔

مروہ ایک دفعہ پھر گاڑی میں نے سو چکی تھی۔سائم نے ایک انکھ اٹھا کر اسے دیکھا۔وہ یقینا اس کی نیندو سے تنگ تھا۔۔۔۔

تین گھنٹے کی ڈرائیو کے بعد وہ ٹرانٹو پہنچے تھے۔اور اس سارے راستے مروا سوئی رہی تھی۔اور ابھی بھی گہری نیند سوئی ہوئی تھی۔۔۔

یااللہ یہ لڑکی۔۔۔سائم نے اپنا سیٹ بیلٹ اتارا اور پھر ایک نظر اسے دیکھا۔وہ شاید اس کے اٹھنے کا منتظر تھا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروا اٹھو ہم اگئے ہیں۔ سائم نے اسے ہلکا سا ہلایا۔۔

تو مروا بھی اٹھ گئی تھی لیکن ابھی بھی نیند میں تھی۔۔۔

سائم گاڑی سے باہر نکلا اور پھر مروہ کی طرف ایا۔ اسے سہارا دیا وہ جانتا تھا کہ وہ نیند میں ہے۔۔۔۔

کمرے میں اتے ہی سائم کے کہنے سے پہلے ہی وہ بیڈ پر لیٹ چکی تھی۔۔۔

مروا تم تھکتی نہیں ہو سو سو کر۔ مجھے دیکھو تین گھنٹے کی ڈرائیو کی ہے میں نے۔ ایسے سونا تو مجھے چاہیے۔ سائم بلینکٹ اس کے اوپر اڑتے ہوئے اس سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

لیکن وہ بھی شدید تھک چکا تھا اس نے شوز اتارے ویسٹ کوٹ اتارا اور دوسری سائیڈ پہ لیٹ گیا۔۔۔۔

تم اتنا سوتی ہو مجھے اج پتہ چلا۔۔۔۔

تم جہاز میں بھی سوئی رہی ہو گاڑی میں بھی اور اب۔

جہاز میں نیند کیسے پوری ہو سکتی ہے سائم اور گاڑی میں بس ایسے ہی انکھیں بند تھی۔ مروا نے اپنا روخ اس کی طرف کیا۔۔۔

سائم تھوڑا پریشان ہوا تھا۔ کیوں کہ اسے لگا تھا کہ وہ احتجاج کریں گی ایک بیڈ پہ سونے سے۔۔۔

کے اچانک مروا نے اپنا ایک ہاتھ سائم کے سینے پہ رکھا یقیناوہ نیند میں تھی۔۔۔

سائم نے بلینکٹ کو تھوڑا اور اس کے اوپر کیا اور اس کے سر پہ بوسہ دیا۔ وہ اسے پوری طرح سے خود میں سما چکا تھا۔ اور یہ لمحہ اس کے لیے بہت قیمتی تھا۔ وہ نیند میں سہی لیکن اس کے بہت قریب اچکی تھی۔۔۔
مروہ کی جب صبح انکھ کھلی تو وہ پوری طرح سے سائم کی باہوں میں قید تھی۔ اس کے دونوں ہاتھ سائم کے سینے پر تھے۔ اس نے ایک نظر کمرے کو دیکھا۔ اس کی باہوں سے نکلنے کی ناکام کوشش کی تو سائم کی بھی انکھ کھل گئی۔۔

گڈ مارننگ۔۔۔۔ اس نے آنکھیں جھکاتے ہوئے کہا۔۔۔

تم نے اج پھر وہی حرکت کی ہے۔ چھوڑو مجھے مروا نے اسے پیچھے ہٹانا چاہا۔۔۔

URDU NOVELISTS

اوہیلو۔۔۔۔۔۔

ایک دفعہ غور سے دیکھو۔کے کون کس کی طرف ہے سائم نے اس کی سائیڈ پہ اشارہ کرتے ہوئے کہا۔تو مروا نے بھی گردن پیچھے گھمائی۔سائم نے ابھی بھی اسے باہوں میں قید کیا ہوا تھا۔وہ بری طرح سے شرمندہ ہوئی کیونکہ وہ سائم کی طرف ائی تھی۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے اب تو چھوڑ دو۔۔

ساری رات تمہارا بوجھ برداشت کیا ہے۔ایسے کیسے چھوڑ دوں۔وہ ہلکا سا مسکرایا اور مروہ کے چہرے سے بالوں کو پیچھے ہٹایا۔۔تو وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔

ایسے نہ دیکھو مجھے سائم نے نظر گھماتے ہوئے کہا پھر سے پیار ہو جائے گا۔سائم نے ایک جھٹکے میں اسے پیچھے کیا اور اٹھ کے بیٹھ گیا۔لیکن مروہ کو وہ گہری سوچ میں ڈال گیا تھا۔۔

لیکن مروہ کے پاس سوچنے کے لیے اور بھی بہت کچھ تھا۔سائم فریش ہونے کے لیے گیا تو وہ بھی اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔

۔

کینیڈا میں برف باری اسٹارٹ ہو چکی تھی۔ٹورانٹو میں سردی اپنے عروج پر تھی۔کمرے میں ہیٹر لگا تھا جس کی وجہ سے سردی محسوس نہیں ہو رہی تھی۔کمرہ بہت ہی گرم تھا۔۔۔

اس نے کمرے کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔کمرہ بہت ہی عالی شان تھا۔اور باہر بالکنی تو الگ ہی نظارہ پیش کر رہی تھی۔کمرے میں بڑی بڑی فریمز میں سائم کی پکچرز لگی ہوئی تھی۔۔۔

۔لیکن وہیں ڈرا کے اوپر ایک فریم الٹی پڑی تھی۔مروا نے فوراسے اسے اٹھایا۔۔

وہ کسی اور کی نہیں بلکہ مروہ کی پکچر تھی مروہ کی وہ پکچر جو اس نے نکاح سے پہلے سائم کو بھیجی تھی۔۔

مروہ کے ذہن میں پھر سے وہی سال گھومنے لگے تھے۔اس سے پہلے کہ وہ بہت پیچھے جاتی ایک دم سے سائم نے واش روم کا دروازہ کھولا تو وہ ڈر گئی اور پکچر نیچے گر گئی۔اس کی فرم ٹوٹ چکی تھی۔مروا نے ایک نظر انہیں اور پھر سائم کو دیکھا۔۔۔

وہ اٹھانے کے لیے نیچے جھکی ہی تھی کہ سائم نے اسے رکنے کا اشارہ کیا۔۔۔

تم نے میری پکچر اپنے پاس کیوں رکھی ہے۔تم تو کہہ رہی تھے کوئی فیلنگز نہیں بچی۔وہ شاید اپنی غلطی چھپانے کی کوشش کرر ہی تھی۔۔۔

یہ پکچر تم نے میرے لیے بنائی تھی اور یہ کپڑے بھی میرے لیے پہنے تھے۔سب کچھ وہ بولتے بولتے اس کے پاس ایا۔تو اس پکچر پہ میرا حق تھا۔اس نے فریم اٹھائی۔۔۔۔۔۔۔

۔اور پھر سے ایک نظر مروہ کو دیکھاوہ شاید اس سے گلا کررہا تھا۔۔۔۔

یہ ہم کہاں ہیں۔تم وینکوور کیوں نہیں لے کے گئے۔مروہ کے ذہن میں بہت سے سوال تھے۔۔۔۔

میں نے وہ شہر چھوڑ دیا مروہ۔۔۔

وینکوور مجھے تمہاری یاد دلاتا تھا۔اس شہر میں تم بستی تھی۔مجھے ایسا لگتا تھا۔اور مجھے اس شہر سے وحشت ہوتی تھی۔مجھے سٹریم کلاک کی وہ اواز خوف میں مبتلا کر دیتی تھی۔ہر وہ جگہ ہر وہ چیز جہاں تم میرے ساتھ تھی۔مجھے جینے نہیں دے رہی تھی۔اس لیے میں نے سب کچھ چھوڑ دیا۔۔۔

...اس نے بڑی مشکل سے اپنے انسوؤں کو روکا تھا اور پھر رخ بدل کر دوسری طرف چلا گیا

جیسے گزرے لمحوں نے پھر سے اسے گھیر لیا ہو۔اس کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی تھی۔اس کے ہاتھوں نے لڑکھڑانا شروع کر دیا تھا لڑکھڑاتے ہاتھوں کے ساتھ اس نے فریم کو ڈراکے اوپر رکھا۔۔۔

مروہ جو ایک منٹ کے لیے تو شاید اس کے غم میں کھو گئی تھی۔لیکن اگلے ہی لمحے اسے اپنے زخم تازہ ہوتے نظر ائے۔تو اس نے اپنا لہجہ بدلا۔۔۔۔

وہ دونوں ہی بہت کچھ کھو چکے۔۔۔۔

اور میری زندگی میں تو کچھ ہوا ہی نہیں ہے سب کچھ نارمل ہے۔مروہ غصے سے اٹھی اور فریش ہونے چلی گئی۔۔۔

URDU NOVELISTS

سائم نے ایک نظر اسے جاتے دیکھا اور پھر کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔

میم سر اپ کو ناشتے کی ٹیبل پر بلا رہے ہیں ایک لڑکی دروازہ نوک کر کے اندر ائی۔مروہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی۔۔۔۔

اس نے وائٹ لونگ کوٹ پہنا تھا۔۔۔

کون کون ہے مروہ تھوڑا گھبرائی کیونکہ وہ ہارون اور ارم کا سامنا نہیں کر سکتی تھی۔ لیکن وہ کیا جانتی تھی کہ اب تو کوئی رہا ہی نہیں۔۔۔۔۔۔

جی صرف سائم سر ہے۔۔۔

ہارون۔ اور ارم میڈم مروہ بولتے بولتے رکی تھی۔۔۔

لڑکی نے حیرانگی سے مروہ کو دیکھا لگتا ہے شاید اپ جانتی نہیں ہیں۔ مروا نے بھی اپنا رخ لڑکی کی طرف کیا۔

ہارون سر کا تو انتقال ہو گیا۔ مروہ کے ہاتھ سے برش نیچے گرا۔ اور ارم میڈم تو ان کے انتقال سے پہلے ہی علیحدہ ہو چکی تھی۔۔۔

مروہ اسے غور سے دیکھ رہی تھی۔ پھر اس نے نظر ائینے پہ دہرائی۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں وہ ناشتے کے لیے نیچے اچکی تھی۔سائم نے اس کے انتظار میں ابھی تک کھانا شروع نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے سن کر بہت دکھ ہوا ہے۔مروا نے چیئر پر بیٹھتے ہی سائم کو مخاطب کیا۔۔سائم نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا پر کوئی جواب نہیں دیا۔کیونکہ اس کی زندگی میں اتنا کچھ ہو چکا تھا اب پتہ نہیں وہ کس بات کا افسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

مجھے ہارون انکل کا پتہ چلا۔۔سائم کی طرف سے کوئی جواب نہ ملنے پر اس نے پھر سے کہا۔۔۔۔

مروہ نے بھی بات کو بڑھانا مناسب نہیں سمجھا اور کھانے لگی۔۔۔۔

ماماہالہ کی کال نہیں ائی۔۔۔۔

فاطمہ صبح سے موبائل ہاتھ میں لیے بیٹھی تھی۔

علیزے جو کچن میں کام میں مصروف تھی۔پاکستان میں تقریبا رات ہونے والی تھی۔اس کی اواز سے رک گئی۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

میری جان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حالہ کی شادی ہو گئی نا تو وہ مصروف ہے تھوڑی۔۔۔۔

جیسے ہی فری ہو گی میری جان کو کال کرے گی۔۔۔۔

چلو جلدی سے اب ہوم ورک ختم کرو پھر سونا ہے۔۔

علیزے نے پاس پڑھے بیگ کو کھولا اور کچھ کتابیں اس کے اگے رکھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھی شدت سے مروہ کو یاد کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم ویلکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

اس اواز سے سائم اور مروہ دونوں چونکے اور پیچھے دیکھا۔۔۔وہ تقریبا اب کھانا ختم کر چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

ویلکم جویریہ سائم اپنی چیئر سے اٹھا کر اگے بڑھا۔مروہ اپنی انکھوں سے سارا نظارہ دیکھ رہی تھی۔اور اندر ہی اندر جیلس ہو رہے تھی۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اور یہ کیوں تھا وہ خود بھی نہیں جانتی تھی۔۔۔۔۔

جویریہ ہائی ہیلز کی ٹک ٹک کرتے۔اندر داخل ہوئی۔اس نے جینز ٹاپ پہنا ہوا تھا۔مروہ اسے سر سے لے کے پاؤں تک گھور رہی تھی۔۔۔۔۔

ملنے کے بعد سائم نے اس سے مروہ کا تعارف کروایا۔۔۔۔

یہ مروہ ہے وہ تھوڑی دیر کے لیے رکا وہ سوچ میں پڑ گیا تھا کہ وہ تعارف کیا کروائے۔فرند ہے میری۔۔۔۔۔

مروہ تھوڑی شاکڈ ہوئی۔تو تم نکاح کے بارے میں نہیں بتاؤ گے۔سائم نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔وہ اب اس کے پاس اچکی تھی اس کے چہرے سے غصہ نما تھا۔۔۔۔۔

کیا سائم تم نے شادی کر لی۔اور اتنی بڑی نیوز تم نے ہم سب سے چھپائی۔کیا پاکستان تم شادی کرنے گئے تھے۔۔
جویریہ نے قدم بڑھایا اور مروہ کے پاس ائی اور سوالوں کے لسٹ جاری کر دی۔۔۔۔۔۔

میرا نام جویریہ ہے۔اور سائم اور میں بزنس پارٹنرز ہیں۔تم سے مل کر بہت اچھا لگا ماشاءاللہ تم بہت پیاری ہو۔۔۔۔۔

ایک دوسرے کو سوٹ کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم ابھی بھی نظر مروہ پر جمائے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

اسے ہمارے پاس شدید غصہ تھا شاید وہ جویریہ کو نہیں بتانا چاہتا تھا۔یا وہ کبھی بھی مروہ کو بزنس کی دنیا میں نہیں لے کے انا چاہتا تھا۔

اب تم بتاؤ تم نے اتنی بڑی بات ہم سے کیوں چھپائی۔لیکن فکر مت کرو۔۔۔۔۔
ہم یہاں بھی اچھے سے سیلبریٹ کریں گے۔

کچھ ہی دیر میں جویریہ جا چکی تھی۔۔۔۔۔۔

لیکن سائم جیسے واپس ایا وہ تیزی سے اپنے کمرے کی طرف گیا۔وہ انتہائی غصے میں تھا اسی غصے میں اس نے دروازے کو بہت زور سے کھولا۔مروا جو کھڑکی کے پاس کھڑی تھی ایک دم سے چونکی اور پیچھے دیکھا۔۔

تمہیں کیا ضرورت تھی اسے نکاح کے بارے میں بتانے کی۔وہ قدم بڑھا کر اس کے پاس ایا۔لہجہ غصے بڑھا تھا۔۔۔

کیوں تمہیں برا لگا۔جب وہ تمہارے ہاتھ سے نکل گئی۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو ہمیشہ الٹا کیوں سوچتی ہو۔میں تمہیں اس بزنس کی گندی دنیا سے انٹروڈیوس نہیں کروانا چاہتا۔اس لیے یہ بات میں چھپانا چاہتا تھا۔وہ نہ جانے کیا تماشہ کھڑا کرے گی۔۔۔۔
اس کا اشارہ پارٹیز کی طرف تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور تم نے تو ایسے بتایا جیسے ہمیشہ کے لیے ہم دونوں ساتھ ہیں۔۔۔

اگر ساتھ نہیں ہے تو پھر دو مجھے ڈیورس۔۔۔

اس حرکت کے بعد تو میں نہیں دینے والا لے سکتی ہوں تو لے لو۔۔۔وہ غصے سے دوسری طرف گیا۔تو مروا نے بی واش روم کا دروازہ زور سے بند کیا اپنا غصہ اسے دکھانے کے لیے۔وہ واش روم میں اسی لیے ائی تھی۔تاکہ اکیلے میں غصہ نکال سکے۔۔۔۔۔۔۔۔

اج سے تمہیں بیویوں والے سارے حق ادا کرنے پڑیں گے یاد رکھنا۔بہت ہو گیا یہ ڈرامہ اس نے غصے سے ڈریسنگ ٹیبل پہ پڑی چیزوں کو نیچے گرایا۔۔۔

مروہ اس کی بات سن چکی تھی۔۔۔

پتہ نہیں حود کو کیا سمجھتا ہے۔۔۔

URDU NOVELISTS

مروہ نے غصے سے سکائی رین کے بٹن کو کلک کر دیا۔اسے پریس کرتے ہی پورے واش روم میں بارش کا سما تھا چاروں طرف سے پانی نکلنا شروع ہو گیا تھا۔اس نے سکائی شاوران کر لیا تھا۔اور اب اس کی سمجھ سے باہر تھا کہ وہ اس بند کیسے کرے گا۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

افففففففف۔مروہ نے تیزی سے سارے بٹنوں کو پریس کر دیا تھا اور اب ہر طرف سے بس پانی ہی پانی ارہا تھا۔۔وہ بری طرح سے پزل ہو چکی تھی اور پوری بیگ چکی تھی۔اب اس کی سمجھ میں نہیں ارہا تھا کہ وہ باہر جائے یا اس کے رکنے کا انتظار کرے۔۔۔۔

سائم افس جانے کے لیے ریڈی ہو رہا تھا۔اس نے غصے پے مشکل سے کنٹرول پایا تھا۔وہ اس کے باہر نکلنے کے انتظار میں تھا۔وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا واچ پہن رہا تھا۔واچ پہننے کے بعد اس نے ٹھائی گلے میں پہنی اور اسے سیٹ کیا۔پھر سائیڈ سے گرے کلر کا کوٹ اٹھایا اور اسے پہن لیا نیچے گرے کلر کی ہی پینٹ تھی۔اور وائٹ کلر کی شرٹ۔

اس نے پرفیوم اٹھائی اور وہ اسے پریس کرنے ہی والا تھا کہ واش روم کا دروازہ کھولا۔۔

مروہ پوری بیگ چکی تھی وہ کپکپاتے لبوں کے ساتھ باہر ائی۔وہ معصومیت سے سائم کو دیکھتی۔اور پھر ایک نظر اندر دیکھتی۔۔۔۔

مروہ۔۔۔۔

سائم نے پرفیوم کو ٹیبل پر رکھا۔اس کی طرف بڑھا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس نے ایک نظر اندر گھمائی تو ہر طرف سے بس پانی ہی پانی ارہا تھا۔سکائی شاور کے ساتھ نارمل شاور بھی ان تھے۔اور سائیڈ شاور بھی۔۔۔۔۔

سائم نے پہلے مروہ کا کوٹ اتارا۔۔
اب نیچے بلیک کلر کی شرٹ تھی جس کے بازو تو بالکل نہیں تھے۔تو مروا نے دونوں ہاتھوں کو باندھا۔۔۔

دسمبر کا مہینہ تھا سردی بہت زیادہ تھی۔اور پانی بھی ٹھنڈا تھا۔سائم نے جلدی سے اپنا کوٹ اتارااور بیڈ پہ پھینکا۔۔۔

اور اندر جاکر شاور کو بند کیا۔۔

وہ بی اب تھوڑا بیگ چکا تھا۔تم مجھے اواز دے دیتی سائم نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیا۔بیمار پر جاؤ گی اب۔سائم نے اس کے بیگ سے جلدی سے کپڑے نکالے۔اور اس کے ہاتھوں میں دیے۔۔۔۔۔

جلدی سے چینج کرلو پھر بیمار پڑ جاؤ گی۔ہمارے مروہ بھی اس کی بات پہ عمل کرتے ہوئے دوبارہ سے واش روم میں گئی۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تھوڑی ہی دیر میں وہ کپڑے تبدیل کر کر کمرے میں اچکی تھی۔۔۔۔

سائم نے بھی شرٹ چینج کر لی تھی۔اس کے اتے ہی وہ اس کے پاس ایا۔۔۔

میں ٹھیک ہوں زیادہ ایکٹنگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے میرے سامنے۔اور تم توافس جارہے تھے جاؤ یہ نہ ہو جویریہ میڈم کو بہت زیادہ ہی انتظار کرنا پڑ جائے۔۔۔

سائم کا غصہ جو تھوڑی دیر کے لیے کم ہوا تھا وہ پھر سے نمایاں ہونا شروع ہو گیا تھا۔۔۔

تم نہیں سدھرنے والی اس نے دل ہی دل میں کہا۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

ہاں مجھے جانا چاہیے تم نے یاد دلوا دیا۔۔۔

ویسے مر وہ تم اتنی جلس کیوں ہو رہی ہو۔سائم نے دوبارہ سے کوٹ پہنا۔۔۔۔۔

م۔۔۔۔میں مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے مسٹر سائم مردان۔۔۔۔۔

اب چلے جاؤ یہاں سے۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مجھے شوق نہیں ہے رکنے کا اور تمہاری موجودگی میں تو بالکل بھی نہیں۔ مروہ کو لگا تھا کہ وہ رکے گا۔ لیکن وہ اگلے ہی لمحے باہر چلا گیا۔ مروہ اسے دیکھتی ہی رہ گئی۔۔۔

میں بھی یہاں نہیں رکوں گی دفع ہو جاؤں گی۔

پھر تم اس جویریا کو لے انا یہ کہتے ہی مروہ بیڈ پر بیٹھ چکی تھی۔ اب اسے شدت سے سردی محسوس ہو رہی تھی اس نے دونوں پاؤں بیڈ پے کیے اور بلینکٹ کو اوپر اوڑا۔۔۔۔۔

مروو (دہ روسٹر) کافی شاپ پر بیٹھی ہوئی تھی۔ تقریبا شام ہونے والی تھی۔۔ ہر طرف سردی کی چمک دمک تھی۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ کو پیچھے سے اواز ائی تو وہ ایک دم سے چونکی اور پیچھے دیکھا۔۔ جیسے انجان دنیا میں کوئی اپنا مل گیا ہو۔۔۔

کتنے ٹائم بعد مل رہی ہے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

کہاں گم تھی کتنے ٹائم بعد مل رہی ہو یونیورسٹی کے بعد تم دیکھی نہیں۔یہ طیب تھا جو مروہ کے ساتھ یونیورسٹی میں پڑھتا تھا۔اب اسی کافی شاپ پہ ایز اویٹر کام کرتا تھا۔وہ ویٹر کا یونیفارم پہنے اس کے پاس آیا۔مروہ نے بھی کافی ٹیبل پر رکھی اور کھڑی ہو گئی۔۔۔

تم یہاں۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اسی ٹیبل پر بیٹھ گئے تھے اور باتوں میں مصروف ہو چکے تھے۔۔۔

کہ تھوڑی ہی دیر بعد سائم کچھ کلائنٹس کے ساتھ اسی کافی شاپ پر ایا۔جن میں جویریہ بھی موجود تھی۔۔۔۔

وہ بالکل سامنے والے ٹیبل پر تھے۔دونوں کلائنٹس کو بیٹھنے کا اشارہ کرنے کے بعد جب سائم خود بیٹھنے لگا تو اس کی نظر مروہ پر گئی۔اس نے ایک دم سے چیر کو وہیں چھوڑ دیا جو وہ پیچھے کھینچ رہا تھا۔۔۔

اس کی نظروں کا تاقب کرتے جویریہ کی نظر بھی مروہ پر گئی۔۔۔

ارے یہ تو مروا ہے نا یہ اس ویٹر کے ساتھ۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم کے دونوں ہاتھ کمر پر تھے وی سٹائل میں۔۔۔۔

وہ یہ سوچ کر ارام سے تھا کہ وہ گھر میں ارام کر رہے ہو گی۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ اور کہتی وہ قدم بڑھاتے اس طرف گیا۔۔۔۔۔

مروہ اسے اپنی طرف اتا دیکھ کر کھڑی ہو گئی تو طیب بھی کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔

مروہ تم یہاں کیا کر رہی ہو تمہیں گھر ہونا چاہیے تھا۔ سائم سوالیا نظروں سے مروہ کو دیکھا۔۔۔۔۔

میرے خیال میں تم بھی افس میں کام کر رہے ہو گے لیکن تم اس نے افق نگاہ جویریہ پر ڈالی اور پھر سائم کو دیکھنے لگی۔۔۔

سائم نے بھی نظر پیچھے گھمائی۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

اففففففف۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اس نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔

تم تعارف نے کرواؤ گی اس نے طیب کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

طیب یہ مروہ ابھی بول ہی رہی تھی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

میں سائم مر دان ہسبنڈ ہوں مر وہ کا۔۔۔

سائم نے اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھایا۔۔۔۔۔

ارے مر واتم نے شادی کرلی طیب نے بھی اپنا ہاتھ سائم کی طرف بڑھایا۔اور سوالیہ نظروں سے مر وہ کو دیکھا۔بیسٹ وشزززز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ کسٹمر اگئے تو طیب چلا گیا۔اور سائم نے گوڑی مر وہ پہ ڈالی۔۔۔۔

تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں تھی گھر میں ریسٹ کرنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔مر وانے نظریں دوسری طرف گھمائی۔۔۔۔

چلواب اجاؤڈرامے نہیں کرو۔سائم نے اس کا ہاتھ پکڑااور اپنے ٹیبل پرلے ایا۔۔۔۔۔۔

مر وہ نے بڑی مشکل سے جویریہ کو بر داشت کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

یہ سب کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔

رات کے 11 بجے تھے۔ مروا نے اپنا ادھا سامان دوسرے کمرے میں شفٹ کر دیا تھا۔اور کچھ اٹھانے ائی تھی۔۔۔۔

کے سائم نے اس کا بازو پکڑا۔۔۔۔

وہ ابھی ابھی کمرے میں ایا تھا۔۔

تم یہیں سونے والی ہو۔۔۔

کوئی ڈرامہ برداشت نہیں کرنے والا۔۔۔

URDU NOVELISTS

سائم دروازہ لاک کر چکا تھا۔اب مروہ کے پاس کوئی اپشن نہیں تھا تو وہ بھی ہار مانتی بیڈ پر جا کر لیٹ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر میں سائم بھی روم میں اچکا تھا۔۔

اس کے روم میں اتے ہی مروہ نے انکھیں بند کر لی تھی کہ اسے لگے کہ وہ سو چکی ہے۔۔

سائم نے ہنستے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔وہ پہلے واش روم گیا چینج کر کے پھر روم میں ایا۔۔۔۔

میں جانتا ہوں تم جاگ رہی ہو ڈرامے مت کرو۔۔

سائم نے اپنے شوز اتار کر سائیڈ پر رکھے۔واچ اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھی۔۔مروہ نے اپنا رخ دوسری طرف کر لیا تھا۔۔۔۔۔۔

اج باہر کیوں گئی تھی اور وہ لڑکا۔۔۔۔

مروہ نے اپنا روخ اس کی طرف کیا وہ بیڈ پر لیٹ چکا تھا۔سائم نے اپنا ایک ہاتھ اس کی طرف بڑھایا اور اس کی گال کو کھینچا۔۔۔۔۔۔۔

کیا میں ایک بات پوچھوں۔اس کا ہاتھ پیچھے کرتے ہوئے مروہ نے کہا۔وہ تھوڑی سنجیدہ ہوئی۔۔۔

ہاں لیکن ایک شرط ہے۔۔۔۔۔

شرط

کیسی؟؟

یہاں سونا پڑے گا۔۔

سائم نے اپنا بازو اس طرف کرتے ہوئے اشارا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔

مروا نے اگلے ہی لمحے اپنا رخ دوسری طرف کیا۔مجھے کچھ نہیں پوچھنا سو جاؤ۔۔۔۔۔

سائم نے اس کی کمر میں بازو ڈال کر اسے اپنی طرف کھینچا۔مجھے نیند نہیں ائی۔۔۔۔۔

تو کیسے سو جاؤ۔۔۔۔۔۔۔

میں نے کہا نا مجھے اپنی سائیڈ پہ سونا ہے۔۔۔۔

کیا پوچھنا ہے تمہیں وہ پوچھو سائم نے اس کا ہاتھ کو اپنے سینے پر رکھا۔۔

تو مروا نے بھی ایک گہری سانس لی۔اس کے ذہن میں بہت سے سوال تھے جو وہ سائم سے پوچھنا چاہتی تھی۔۔۔۔۔

کیا ہارون انکل نے ارم انٹی کو ڈیورس دے۔۔دی تھی۔۔

ایک نظر اسے دیکھا۔۔۔اس کی بات ابھی ادھوری تھی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

لیکن سائم کچھ نہیں بولا۔۔۔۔۔۔

تم نے کہا تھا بتاؤ گے۔مروہ نے سر اب اس کے بازو سے اٹھانا چاہا تھا۔۔۔۔
لیکن سائم نے پھر سے اسے اپنی طرف مدو کیا۔۔۔۔۔

ضروری ہے اس ٹاپک پہ بات کرنا۔سائم تھوڑا اب سیٹ ہو چکا تھا۔۔۔۔

بات سے منکر رہے ہو۔۔۔مروا نے اس کے بازو سے اٹھنا چاہا لیکن سائم نے پھر سے اسے اپنی طرف کھینچا۔۔۔۔

ڈیورس دے دی تھی پھر اس کے بعد وہ کافی بکھر چکے تھے۔اور پھر۔۔۔۔۔

وہ چپ ہو گیا تھا شاید وہ بتا بھی نہیں سکتا تھا ہارون کے جانے کے بعد وہ کافی بکھر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور اس کے فوراہی بات طیب میاں بھی چلے گئے۔۔۔۔

سائم نے خود کو بڑی مشکل سے سنبھالا تھا۔وہ اندر سے بالکل ٹوٹ گیا تھا لیکن مروہ کے سامنے وہ ایک مضبوط مرد بننے کی ناکام کوشش کر تا تھا۔۔۔۔

مروہ نے بھی پھر اس کے بعد کوئی سوال نہیں کیا لیکن اسے اندازہ ہو چکا تھا کہ سائم کافی تکلیف میں ہے۔۔۔۔

وہ رات بھر سو نہیں پائی تھی۔۔۔۔۔
رات کے کسی پہر بڑی مشکل سے اس کی انکھ لگی۔۔۔۔۔

صبح جب مروہ کی انکھ کھلی تو سائم سو رہا تھا۔مروا نے ارام سے اس کا ہاتھ اپنی کمر سے اٹھایا۔۔۔اور دھیرے دھیرے قدموں سے باہر نکل گئی۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

تھوڑی دیر میں سائم کی بھی انکھ کھل چکی تھی۔۔۔

۔کیونکہ وہ پوری طرح سے اسے اپنی باہوں میں لیے سویا ہوا تھا۔۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس نے بند انکھوں سے بیڈ پہ ہاتھ مارا تو حالی تھا پھر اس نے انکھیں کھول کر باتھ روم کی طرف دیکھا تو اس کا دروازہ بھی کھلا تھا۔۔۔۔

اس کے ذہن میں عجیب وسوسے ارہے تھے وہ جلدی سے اٹھا سلیپر پہنے اور باہر کی طرف ایا۔۔۔

وہ مروہ کو پکارتے ہوئے۔ ارہا تھا۔ اس نے سب کمروں کو چیک کر لیا تھا۔۔۔

صبح کے سات بجے تھے۔ کہ اچانک اسے کچن میں کسی کی موجودگی کا احساس ہوا۔ تو اس نے اپنا رخ اس طرف کیا وہ بہت ہی پریشان ہو چکا تھا۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔

اس نے کچن میں داخل ہوتے ہی اسے سامنے پایا تو یکدم بولا۔ مروہ جو ناشتہ بنانے میں مصروف تھی اس نے ایک نظر پیچھے دیکھا۔۔۔

تم نے مجھے ڈرا دیا تھا۔ سائم جلدی سے اس کے پاس ایا اور اسے باہوں میں لیا۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہی ہو۔ اور یہ سب۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس نے ایک نظر کچن کو پھر مروہ کو دیکھا۔۔

تمہارے لیے ناشتہ بنا رہی ہوں۔ان الفاظ نے تو جیسے سائم کی دنیا ہی تبدیل کر دی ہو۔۔

میرے لیے۔۔۔اس نے پھر سے ایک نظر کچن کو دیکھا۔۔۔۔۔۔

ہاں۔۔مروہ نے بھی حیا کی سرخی سے اپنی نظروں کو نیچے کیا۔۔۔۔

وہ جان چکی تھی کہ سائم نے بھی بہت کچھ برداشت کیا۔اب وہ اسے کچھ سکون دینا چاہتی تھی۔

تھینک یو۔سائم نے اپنے لب اس کے گالوں پر رکھے۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

سائم۔۔۔بے ساختہ مروہ کے منہ سے نکلا اس نے اس کے سینے پہ ہاتھ رکھ اسے پیچھے کرنا چاہا۔۔۔۔۔۔

کیا سائم سائم۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

بیوی ہو میری۔ سائم نے اس کے مذمت کرتے ہاتھوں کو پیچھے کیا۔ اور پھر سے لمس اس کے چہرے پہ چھوڑیں۔۔۔۔۔

اب تم فریش ہو جاؤ میں ناشتہ بنا رہی ہوں۔ مروا نے اپنا روح دوسری طرف کیا۔۔۔

اوکے میری جان۔۔۔۔۔۔

یہ کہتے ہی وہ اگے بڑھا کہ مروا نے اسے ہاتھ میں پکڑے بیلن سے دور رہنے کا اشارہ کیا۔۔

سائم نے بھی اپنے دونوں ہاتھ کھڑے کیے۔۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں جا رہا ہوں۔ وہ اسے اور تنگ نہیں کرنا چاہتا تھا اور فریش ہونے کے لیے چلا گیا۔۔۔۔

مروہ جو ابھی تک اس کی قربت کے خوف میں مبتلا تھی۔ جب اسے اس بات کا احساس ہو گیا کہ وہ جا چکا ہے اس نے پھر سے ناشتہ بنانا شروع کیا۔ وہ اج بھی سائم کے لیے پراٹھے بنا رہی۔۔۔۔
کیونکہ فینسی ناشتہ تو وہ ہر روز کرتا تھا۔۔۔۔

سائم فریش ہو کر روم میں ایا ہی تھا۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

کہ مروا کا موبائل بجنے لگا اس نے اٹھا کے دیکھا تو وہ علیزے کی کال تھی۔۔۔۔۔۔

مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسی بھی کیا غلطی ہو گئی مجھ سے کہ تم فون اٹھانا بھی گوارا نہیں کرتی۔ سائم نے فون کان کے ساتھ لگایا تھا کہ علیزے نے بڑبڑانا شروع کر دیا۔۔۔

علیزے میں سائم ہوں۔۔۔

سائم نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔۔

کیسی ہے مروا اور اس نے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ ہم سب کتنے پریشان ہیں اور فاطمہ تو حالہ کو بہت یاد کر رہی ہے۔۔۔۔

علیزے نے اپنا سارا دکھ اسے سنا دیا۔۔۔

مروہ بالکل ٹھیک ہے۔ میں تھوڑی دیر میں بات کروا دوں گا۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ابھی وہ روم میں نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا اس کا بہت بہت خیال رکھنا۔۔

تم جانتے ہو پہلی بھی اس نے بہت کچھ برداشت کیا ہے۔وہ داداجان کے سب سے زیادہ کلوز تھی اور تمہاری موم کی وجہ سے۔وہ بولتے بولتے چپ ہو گئی۔۔۔

میں جانتا ہوں علیزے میں سب جانتا ہوں۔تم فکر مت کرو۔میں اس کا خیال اپنی جان سے بھی زیادہ حیال رکھوں گا۔۔۔
۔یہ مجھے پتہ ہے کہ وہ مجھے کیسے ملی ہے۔وہ بات کرتے تھوڑا سنجیدہ ہو گیا تھا۔لیکن اج اسے اپنی قسمت پہ رشک تھا۔اج مروانے اس کی صبح بہت حسین بنادی تھی۔اس نے اقرار نہیں کیا تھا لیکن اس نے سگنل دیا تھا۔اور سائم کے لیے یہی سب کچھ تھا۔۔۔

سائم نے موبائل بیڈ پر رکھا اور ایک گہری سانس لی۔۔۔۔۔۔

تو میری جان نے بنالیا ناشتہ۔وہ اس شائستگی سے کچن میں ایا تھا کہ مروہ کو احساس نہ ہوا۔وہ اسے بری طرح سے اپنی باہوں میں جکڑ چکا تھا۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم۔۔۔۔۔مروہ کے بال بکھرے ہوئے تھے۔اور کچن تو پوری طرح سے اس نے خراب کرر کھا تھا۔۔۔۔

اس کی اچانک امد پر وہ بری طرح سے سہمی اس نے اسے پیچھے کرنا چاہا۔سائم نے دونوں ہاتھوں سے اس کی کمر کو پکڑا ہوا تھا۔مروہ کا رخ اگے کی طرف تھا۔۔۔

سائم اب میں روم میں چلی جاؤں گی بنا ناشتہ کیے۔اس نے دوبارہ سے اسے پیچھے کیا۔۔۔اور اپنے بالوں کو سیٹ کیا۔۔۔۔

اوکے چلو۔اؤناشتہ کرتے ہے سائم نے اس کا ہاتھ پکڑا اور چیئر کو پیچھے کی۔۔۔

میری ننھی سے جان نے اج بہت محنت کی ہے۔۔۔

مروانے اسے سگنل تو دے دیے تھے لیکن اب وہ اس کی قربتوں سے کیسے بچے اس کی سمجھ سے باہر تھا۔اب وہ بس اس کے افس جانے کی دعائیں مانگ رہی تھی دل ہی دل میں۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

تم افس نہیں جارہے مروانے اس کی ڈریسنگ دیکھی۔ تو اس نے ہلکی سی شرٹ پہنی تھی اور نیچے وائٹ پنٹ افس سوٹ نہیں پہنا تھا۔۔۔

کوئی بے وقوف ہی ہو گا جو اج کے دن بھی افس جائے گا۔۔

اتنی خوبصورت بیوی کو چھوڑ کر۔۔۔۔۔۔

مروہ نے ایک دم سے پلیٹ کو وہیں رکھا جو وہ سائم کے اگے رکھنے والی تھی۔۔

کیا مطلب ہے تمہارا۔۔۔۔۔۔۔۔

تم افس جاؤ گے۔۔۔۔۔

مروہ کو اب اس کی قربتوں سے خوف محسوس ہو رہا تھا۔۔۔

میں نہیں جارہا۔ اتنے اچھے بریک فاسٹ پہ انعام تو بنتا ہے۔۔۔

اج میں اپنے بیوٹی فل وائف کو شاپنگ پہ لے کے جاؤں گا۔۔۔

سائم نے خود ہی پلیٹ کو اپنے اگے رکھا اور اس میں ایک پراٹھا رکھا ہے۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

نہیں مجھے نہیں جانا۔ مروہ نے چائے ڈالتے ہوئے جواب دیا۔
مجھے تم سے کچھ بھی لینا اچھا نہیں لگتا۔۔۔

میرا سب کچھ تمہارا ہے مروہ۔۔۔۔۔

تمہارا حق ہے میری ہر چیز پر۔۔۔۔۔

اور میری ہر چیز تمہاری ہے اس نے مروہ کا ایک ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا۔۔۔۔۔

اور یہ خوبصورت ہاتھ کام کرنے کے لیے نہیں بنے۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

ائندہ اتنی زحمت مت کرنا میرے لئے۔۔۔۔۔۔۔

تم ملکہ ہو اس گھر کی۔ اور میرے دل کی۔۔۔۔۔

تم بہت اگے جا رہے ہو۔۔۔۔ مروا نے ہاتھ پیچھے کھینچا۔۔۔

تمہارے دل میں تو کوئی فیلنگز نہیں بھیجی تھی۔۔۔

زیرو فلنگز مروا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

تو سائم بھی اپنی ہنسی کو کنٹرول نہیں کر سکا۔۔۔

موڈ کیوں اف ہے جناب کا۔۔۔۔۔۔

سائم نے اسے زبردستی فورس کر کر گاڑی میں بٹھایا تھا۔

وہ پنک کلر کے کوٹ میں خود کو سمیٹے بیٹھی ہوئی تھی۔۔

جیسے کسی گہری سوچ میں گم ہو۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

وہ سارے راستے خاموش تھی۔۔۔۔

میں کچھ پوچھ رہا ہوں مروہ۔۔۔۔۔۔

سائم نے نظر روڈ سے گھماتے ہوئے اس کی طرف کی۔۔۔۔

سٹرنگ ویل پہ ہاتھوں کی حرکت بھی تھوڑی رک گئی تھی۔۔

کچھ نہیں بس فاطمہ لوگوں کی یاد ارہی ہے۔ مروانے بھی نظر اٹھا کر اسے دیکھا اور پھر سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

اج کے لیے سب بھولنا پڑے گا تمہیں۔ سائم نے گاڑی یونگ سٹریٹ کے مڈ میں روکی۔۔ یہ ٹرانٹو اور دنیا کی سب سے بڑی سٹریٹ ہے۔۔۔۔ جو ہر طرف سے بڑے بڑے بل بورڈ سے بڑی ہوئی تھی۔ جس کی لمبائی تقریبا 56 کلومیٹر ہے۔ اور اس کی خاصیت یہ ہے کہ اپ اس سے کینیڈا کے کسی بھی تفریح اور تاریخی مقام تک پہنچ سکتے ہیں بڑی بڑی بلڈنگ کے اوپر بڑے بڑے ایل ای ڈی لگی ہوئی تھی۔۔ یہ کینیڈا کی سب سے مہنگی ترین جگہ تھی۔ ایک قسم کا کمرشل ایریا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں سائم مروہ کو ایک شاپ پہ لے کے ایا۔ جو بہت بڑی شاپ تھی۔ مروہ ونڈو پہ لگے ہوئے کپڑوں کو دیکھتے دیکھتے اندر جا رہی تھی۔ اربن آوٹ فٹرز کینیڈا کی سب سے بڑی اور مہنگی ترین شاپ تھی۔۔۔۔

سائم یہ تو بہت ایکسپنسو ہے ہم کہیں اور سے لیتے ہیں۔ مروانے باہر سے ہی اندازہ لگا لیا تھا۔۔۔۔۔ سائم نے ایک نظر اسے دیکھا۔۔۔

میری جان۔۔۔۔۔۔

میں یہ پوری شاپ خرید کر تمہارے نام کر سکتا ہوں۔وہ دونوں شاپ کے اندر ا چکے تھے سائم نے دونوں ہاتھوں سے اس کے چہرے کو قید کرتے ہوئے کہا۔۔۔

تم ایک دفعہ کہو تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ویلکم مسٹر سائم مردان۔۔۔۔۔

ایک سٹاف لڑکی نے سائم کو ویلکم کیا تو مروہ حیرانگی سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔۔۔

یہ تمہارا نام کیسے جانتی ہے مروہ نے اس کے ہاتھوں کو پیچھے کیا۔۔۔

تمہارے ہسبینڈ کو دنیا جانتی ہے بس تم ہی انجان ہو۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔۔۔۔مروا نے لفظ کو کھینچا۔۔۔۔۔۔۔

سچ بتاؤنا یہ کیسے جانتی ہے۔وہ ایک اربن لڑکی تھی۔۔جس کے بال براؤن تھے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

میری جان۔اسے فیملی بوتیک ہی سمجھو۔۔۔۔

اور کچھ انویسٹمنٹ ہماری کمپنی کی بھی ہیں اس جگہ پر۔

مروہ کو اس کی بات سے تھوڑی تسلی ہوئی۔تو اس نے اپنا دھیان شاپنگ کی طرف کیا۔۔۔

سائم نے سامنے لگے سفید ٹائپ کی طرف ہاتھ بڑھایا مروہ تم جانتی ہو تمہیں سفید اور بلیک رنگ کتنے سوٹ کرتے ہیں۔۔۔۔۔

سائم نے لیدر کا ٹرنچ کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔

۔وہ اس ٹاپ کو ہینگر سے اتار چکا تھا۔۔

ہاں سوٹ کرتے ہیں لیکن مجھے یہ بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا۔۔۔مروانے اس کے ہاتھ سے لیا اور پھر سے ہینگل کر دیا۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

تو کیا میری چوائس کی تمہارے نزدیک کوئی ویلیو نہیں مروا۔۔سائم وہی ٹیک لگا کے کھڑا ہو گیا اور دونوں ہاتھ باندھ لیے۔۔۔۔۔

اگر اب تم مجھے شاپنگ کروا ہی رہے ہو تو میں اپنی پسند سے لوں گی۔مروہ یہ کہتے ہوئے اگے بڑھی۔۔۔۔

یہ بھی صحیح ہے۔۔۔۔۔

مطلب مجھے صرف تم اے ٹی ایم کے طور پر یوز کرنے والی ہو۔۔۔۔۔

سائم نے اس کے بال پیچھے کیے۔وہ بھی اس کے پیچھے ہی ایا تھا۔۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔مروا نے بازو کی تھوڑی سے اسے پیچھے کیا بوتیک میں ہے ہم۔۔۔۔

تو گھر میں کون سا تم نے مجھے پر مشنیز دے رکھی ہیں۔وہ بھی اگے پیچھے دیکھتا پیچھے ہو چکا تھا۔۔۔۔۔

مروا نے ایک چاکلیٹ کلر کا ہائی نیک سویٹر اور نیچے وائٹ پینٹ ہینگر سے اتاری۔۔۔۔

ہاں چلو اب اسے ٹرائی کرتے ہیں۔سائم تو جسے اسی موقع میں تھا کہ وہ کچھ پسند کریں۔۔

سائم نے اس کے ہاتھ سے کپڑے لیے اور چینجنگ روم کی طرف جانے لگا۔تو مروا نے اسے پیچھے کھینچا۔۔۔

یہ میں نے ٹرائی کرنے ہیں یا تم نے۔اس نے حیرانگی سے پوچھا۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تم نے کرنے ہیں لیکن تمہیں مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔۔۔۔

میں کوئی ٹرائی نہیں کرنے والی اس کے ہاتھ سے دونوں چیزیں واپس لیتے ہوئے مروہ نے کہالوز سائز ہے یہ سائم۔ہر بندے کو فٹا آسکتا ہے۔۔۔

اس کو ٹرائی کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی مروانے غصے سے شرٹ اس کی طرف لہرائی۔۔۔۔۔۔
لیکن مجھے لگتا ہے اس میں تم جیسی تین چار اسکتی ہیں۔صائم نے دونوں ہاتھوں سے شرٹ کو کھولا۔۔۔۔۔۔
ہاں یہ دیکھنے میں ایسے لگتی ہے سائم پہننے کے بعد یہ بہت فٹ ہو جاتی ہے۔اور یہ کھلی کھلی ہوتی ہے تو بندہ کمفرٹیبل رہتا ہے۔۔۔۔۔۔

اور دوسری طرف چلی گئی سائم وہیں کھڑا سوچ ہی رہا تھا کہ اس کا موبائل بجنے لگا۔تو وہ سننے کے لیے تھوڑا سائیڈ پر ہو گیا۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
مروہ جو شاپنگ میں مصروف تھی ایک دم سے اس کے پاس ائی۔سائم موبائل پہ لگا ہوا تھا اس نے کچھ ای میلز بھیجنی تھی۔۔

ہاں بولو کیا ہوا سائم نے موبائل پاکٹ میں ڈالا اور اپنا رخ اس کی طرف کیا۔۔۔

کیا میں فاطمہ کے لیے کپڑے لے لوں۔اسے بجوا دوں گی۔اس نے معصومیت سے پوچھا تو سائم قدم بڑھا کر اس کے پاس ایا۔۔

تو تم مجھ سے پوچھ کیوں رہی ہو۔سائم نے اپنی پاکٹ سے والٹ نکالا۔اور اپنا کارڈ نکال کر مروہ کے ہاتھ میں رکھا۔میرا سب کچھ تمہارا ہے۔۔جو دل چاہے لو۔۔۔

مروہ کا ہاتھ اس کے ہاتھ کے اوپر تھا۔۔۔۔

وہ مروہ کی انکھوں میں دیکھ رہا تھا اور مروہ اس کی انکھوں میں۔۔۔۔

نہ۔۔۔نہیں

مروا نے کارڈ اس کے ہاتھ میں دیا کارڈ نہیں چاہیے۔۔۔

اس نے ایک نظر سائم کو دیکھا۔

تھینک یو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

شاید کچھ اور بھی کہنا چاہتی تھی لیکن اس نے اپنا رخ بدلا اور پھر سے انہی کپڑوں کے پاس چلی گئ جو اس نے فاطمہ کے لیے پسند کیے تھے۔۔۔۔۔۔

لیکن اس نے ایک دفعہ مڑ کر اسے ضرور دیکھا تھا اور سائم کی نظریں تو اسی پر تھی۔۔۔۔۔۔

کیا حالا کو کو میری یاد نہیں اتی۔۔۔۔۔۔۔

ممی وہ کیسے میرے بغیر رہ لیتی ہیں۔۔۔۔۔۔

وہ تو سارا دن میرے ساتھ رہتی تھی میرے ساتھ سوتی تھی۔۔۔۔۔

وہ گود میں لیٹی معصومیت سے سوال کر رہی تھی جبکہ ریحان اور علیزے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

اور وہ یہی سوال ہر روز سونے سے پہلے کرتی تھی۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

میری جان اپ کی حالا جس ملک میں گئی ہے نا۔وہاں ان کے پاس موبائل نہیں ہے ورنہ وہ کال ضرور کرتی ہوں۔۔

وہ دوسرا ملک ہے بہت دور ہے یہاں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم اس کو نیا موبائل لے کے دے گا تو وہ ہمیں ضرور کال کریں گی۔۔۔۔۔۔

تو کیا سائم نے انہیں نیا موبائل نہیں لے کر دیا۔۔۔

تو بابا سائم انکل کے نمبر پہ فون کرتے ہیں۔۔۔

وہ ہماری بات کروادیں گے مروہ حالہ سے۔۔۔

میری جان کے ٹوٹے۔۔۔

ریحان نے فاطمہ کو اپنی گود میں اٹھایا اور وہ سچ میں مروہ کو بہت یاد کررہی تھی۔۔۔۔

ابھی ہم باہر جائیں گے ائس کریم کھائیں گے اور بہت سی مستی کریں گے۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

۔۔ نہیں بابا مجھے ائس کریم نہیں کھانی۔۔۔۔

مجھے حالا کے پاس جانا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ بس اسی بات پر اٹل تھی۔۔۔

اور علیزے اور ریحان کے پاس اس کے سوالوں کے کوئی جواب نہیں تھے۔۔۔

وہ خود حیران تھے کہ مروہ اتنی دیر تک ناراض کیسے رہ سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

مروانے کافی شاپنگ کرلی تھی۔ تین چار بوتیک کے چکر کاٹنے کے بعد اب مروہ کی بس ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

میرے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں اب سائم بس کرو مجھے اب کھانا کھانا ہے۔ سائم جو اسے ایک اور بوتیک پہ لے کے جارہا تھا۔ مروانے اسے پیچھے کھینچا۔ اب سائم کا روخ اس کی طرف تھا۔۔۔

تو میری جان کیا کھانا پسند کرے گی۔ اس کے ہاتھوں کو باہوں سے نکال کر اس نے اپنے ہاتھوں میں لیا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

...چلو اجاؤ اج تمہیں اپنی فیورٹ جگہ سے کھانا کھلاتا ہوں

Cibo Wine Bar Yonge St تھوڑی ہی دیر میں وہ ایک ریسٹورنٹ پہنچے۔

یہ ایک بہت ہی خوبصورت جگہ تھی۔ ریسٹورنٹ کے ساتھ ساتھ کیفیت ایریا بھی تھا۔ باہر لکڑی کا دروازہ تھا جو کافی قدیم محسوس ہوتا تھا۔ اور اندر ہر ٹیبل پر ڈفرنٹ ڈیکوریشن ہوئی تھی۔ اس کی خاصیت یہ تھی۔ کہ یہ ایک ہی ریسٹورنٹ میں نہ جانے کتنی ڈشز اویل تھی۔ اپ تقریبا دنیا کا ہر کھانا یہاں کھا سکتے ہیں۔ اور بیٹھنے کے لیے 80 قسم کی پلیس تھی۔ کیف سٹائل میں۔ ریسٹورنٹ سٹائل میں بار سٹائل میں۔۔۔۔۔۔

یونیورسٹی ٹائم میں مروہ میں اور نوروز یہاں بہت دفعہ ائے ہیں۔ وہ اندر داخل ہوتے۔ اسے بتا رہا تھا۔۔۔۔۔

تم ایسا سمجھو کہ ہمارا لنچ یہیں ہوتا تھا۔۔۔

اور ہم یہاں بیٹھا کرتے تھے اس نے سامنے پڑھے صوفے پہ اشارہ کیا۔۔۔

ہاں مجھے لگا ہی تھا کہ تم یہیں بیٹھتے ہوگے۔ مروہ نے تنزیہ لہجے میں کہا تو سائم نے بھی نظریں اس کی طرف گھمائی۔۔

http://www.urdunovalists.com

وہ ایک بار ٹائپ جگہ بنی ہوئی تھی۔اس پار کئی وائنز پڑی ہوئی تھی۔۔۔جیسے وائنز کی لائبریری ہو۔۔۔۔۔

ہم یہ نہیں پیتے تھے یار۔۔۔۔۔

سائم نے ہاتھ اس طرف لہراتے ہوئے کہا۔

اور لنچ ٹائم میں یہ سب کون پیتا ہے۔۔۔۔

لیکن تم پیتے تو تھے نا۔مر وہ سامنے صوفے پر بیٹھ چکی تھی۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

ہاں میں اس بات سے انکار نہیں کر رہا ہے۔۔۔
کبھی کبھی بس۔۔۔۔

اور تم کتنے فخر سے بتا رہے ہو۔۔۔

مرو نے منہ بناتے ہوئے کہا۔اور اپنا بیگ ٹیبل پر رکھا۔شاپنگ بیگ گاڑی میں ہی تھے۔۔۔

تم لوگوں کے ساتھ تو لڑکیاں بھی اتی ہوں گی؟

ہاں جہاں نوروز ہو وہاں لڑکیاں نہ ہو ایسا پوسیبل نہیں تھا۔۔

لیکن میرا انٹرسٹ کسی میں نہیں تھا۔ہم یہاں لنچ ٹائم اتے تھے۔یہ نہیں پیتے تھے بتا چکا ہوں۔

میری جان۔۔۔۔۔۔

اس ٹائم میں یہ مجھے نارمل ہی لگتا تھا اور جب تک تم سے نہیں ملا تھا تب تک۔اس کے بعد میں نے کبھی ہاتھ بھی نہیں لگایا۔ہماری سوسائٹی ہی ایسی تھی۔۔۔۔

اور بزنس کلاس میں اس کو نارمل ہی سمجھا جاتا ہے۔۔

سائم بھی اس کے ساتھ جگہ بنا کر اس کے پاس ہی بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔

لیکن میں نے خود کو اس چیز سے بہت دور رکھا۔

پھر مروا نے بھی اس کے متعلق کوئی سوال نہیں کیا۔شاید اسے سائم سے پوچھنے کی ضرورت نہیں تھی وہ جیسا

تھا وہ اچھے سے جانتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

کیا میں ایک بات پوچھوں۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ نے سر اس کے سینے پہ رکھا۔

شاید وہ بہت تھک چکی تھی۔۔۔۔

پانچ سال تم نے کیسے گزارے۔۔۔۔

مروا نے گردن اوپر اٹھا کے دیکھی۔سائم اس کے بالوں میں ہاتھ پھیل رہا تھا۔۔۔۔

تمہاری یاد کے سہارے۔۔۔۔۔

اچھا تم تو کہہ رہے تھے تم بھول گئے تھے۔مروا نے بڑی معصومیت سے کہا تھا۔۔

ہاں میرے ہر دن کا اغاز تمہیں بھولنے سے ہوتا تھا۔لیکن رات کو تمہاری یادیں ایسا حملہ کرتی تھی کہ میں بچ نہیں پاتا تھا۔میں پوری طرح سے ہار جاتا تھا۔۔۔۔۔

اور یہ میری زندگی کی پہلی جنگ تھی جس میں ہمیشہ اور مسلسل میں ہی ہار رہا تھا۔۔

اور مجھے اس ہار سے بھی محبت تھی۔۔۔

شاید اسی لیے یہ جنگ میں بار بار لڑتا تھا بلکہ ہر روز لڑتا تھا۔۔۔

وہ اس کے ماتھے پہ اپنے لب رکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

کھانا سائم پہلے ہی آرڈر کر چکا تھا۔ اور اب وہ ٹیبل پہ آچکا تھا۔۔۔۔

یہ ان کی سپیشل ڈش ہے مروا۔

مروہ سامنے پڑے نان نما پیزے کو گھور رہی تھی وہ تھا تو پیزے کی شیپ میں لیکن وہ پیزا انہیں لگ رہا تھا۔۔۔

ساتھ میں ویجیٹیبل سالٹ۔ اور ویجیٹیبل ہی سوپ تھا۔۔

اور میٹھے میں رشین۔۔۔۔۔۔۔

لیکن مروہ کو بہت بھوک لگی تھی اس نے کچھ سوچے بغیر کھانا شروع کیا۔۔۔۔۔

سائم اسے حسرت بڑی نگاہ سے دیکھ رہا تھا۔۔

ان دنوں کے لیے وہ بہت تڑپا تھا۔۔۔۔۔

اس کا بس نہیں چل رہا تھا۔ کہ اسے دنیا سے چھپا کر کسی کونے میں لے جائے۔۔۔۔۔

ویسے سائم میں ایک بات سوچ رہی تھی۔۔۔ اس نے ایک منٹ کے لیے کھانا چھوڑا اور اسے دیکھا۔ اس نے ٹیشو سے ہاتھوں کو صاف کرتے ہوئے۔ اسے اشارے سے بولنے کی اجازت دی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

وہ اس کی سوچوں سے بہت ڈرتا تھا کہ نہ جانے کب وہ کیا سوچ کر بیٹھ جائے اور اس سے روٹھ جائے۔۔۔

یہ ایک پراٹھا تمہیں بہت مہنگا نہیں پڑ گیا۔۔۔

اس نے مسکراتے ہوئے مروہ کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔

تمہارے معاملے میں مجھے ہر چیز بہت مہنگی پڑی ہے مروہ۔۔

اس نے ہنستے ہوئے جواب دیا تھا۔ لیکن اس جواب میں اس نے اپنا سارا درد بیان کر دیا تھا۔۔۔

لیکن مجھے قیمت بھی وصول کرنی اتی ہے وہ سرگوشی میں بولا تھا۔۔۔

میرے بزنس مائنڈ کا تم مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس نے پھر سے اس کی گال کھینچتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا تو میرے ساتھ بھی بزنس بزنس کھیلنے والے ہو۔ اس نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں تمہارے ساتھ پیار پیار کھیلوں گا اب۔ سائم نے ایک سلاد کا پتہ اٹھایا اور اس کے منہ میں ڈال دیا۔۔۔۔

وہ بھی کھانا تقریباً ختم کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ایک تو مجھے سمجھ نہیں اتا۔یہ لڑکی گاڑی میں سو کیوں جاتی ہے۔۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔۔۔میں نہیں سو رہی۔اس نے کمر سیدھی کرتے ہوئے رخ سائم کی طرف کیا۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ سائم کوئی جواب دیتا۔اس کا فون بجنے لگا بلوٹوتھ کنیکٹ تھے تو اس نے کال پک کر لی۔۔۔

ہاں جویریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ نام سنتے ہی مروا نے اسے انکھیں نکالنا شروع کر دیا۔اس کے چہرے سے اس کا غصہ نما تھا۔۔۔۔۔۔

او کے ٹھیک ہے تم لوگ گھر اجاؤ پھر دیکھتے ہیں۔۔۔۔۔

سائم نے اتنی سی بات کر کے فون بند کر دیا

تھا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ مروہ کی جلسی کو اچھے سے سمجھ چکا تھا۔۔۔۔

کس کے گھر۔ مروا نے غصے سے پوچھا۔۔

ہمارے گھر اور کس کے گھر مروا۔۔۔۔۔

میں پہلے ہی ایکسپلین کر چکا ہوں کہ وہ میری بزنس پارٹنر ہے۔ ایسا ویسا کچھ نہیں جیسا تم سوچ رہی ہو۔ تو پلیز اب اس کو یہیں سٹاپ کر دو تو اچھا ہو گا۔۔۔۔۔۔

پلیز بس کر دیا کرو۔۔۔۔۔
جب تم جانتے ہو کہ اس کا انا مجھے اچھا نہیں لگتا تو پھر تم اسے کیوں بلا رہے ہو۔

میری جان میں اسے نہیں بلا رہا افس کا کچھ کام ہے ارجنٹ کام ہے اور وہ اکیلی نہیں ا رہی کچھ سٹاف ممبر بھی ائیں گے۔ اگر ارجنٹ نہ ہوتا تو میں کبھی نہ بلاتا۔ اس نے سرسری سا جواب دیا تھا ایک نظر اسے دیکھنے کے بعد وہ پھر سے روڈ پہ دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

میری بات کی کوئی ویلیو نہیں سائم۔۔۔۔۔۔

مروہ نے اپنا رخ پوری طرح سے اس طرف کر لیا تھا۔۔۔۔

ایک تمہاری ہی تو ویلیو ہے میری زندگی میں۔۔۔۔۔

صرف باتوں کی حد تک اس نے منہ بسرتے ہوئے دوسری طرف کر لیا اور ہاتھوں سے کھیلنے لگی۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں وہ دونوں گھر پہنچ چکے تھے۔ تقریبا شام ہو چکی تھی۔ گاڑی روکتے ہی مروہ تیزی سے گاڑی سے اتری اور گاڑی کے دروازے کو بہت زور سے بند کیا۔اور پھر اندر کی طرف چلی گئی سائم گاڑی میں بیٹھا اس کا یہ تماشہ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

یااللہ اس لڑکی کے ساتھ زندگی کیسے گزاروں گا اس نے سیٹ بیلٹ کھولا۔۔۔۔۔۔

وہ گاڑی سے اترا اور پیچھے سے شاپنگ بیگ اٹھائے۔۔۔۔۔۔

وہ کمرے کے ایک طرف منہ لٹکائے بیٹھی ہوئی تھی۔ سائم نے شاپنگ بیگ اس کے اگے رکھے۔ اپنا کوٹ اتار کر سائیڈ پہ رکھا۔۔اب نیچے بلو شرٹ اور بلیک جینز تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب اور نہرے نہیں اٹھانے والا تمہارے۔ بہت ہو گیا اب جب اپنا دل کرے تو مان جانا۔ ورنہ ایسے ہی رہنا۔۔۔۔۔

مجھے شوق نہیں ہے۔ تم سے اپنے نہرے اٹھوانے کا۔ اور اب تم بھی اپنی بات پر قائم رہنا۔ مروہ نے اس کی بات کاٹتے ہی اسے جواب دیا تھا۔۔

اس سے پہلے کہ وہ مروہ کو کچھ بولتا یا مروہ اس سے کچھ کہتی۔۔۔

ہیلپر نے مہمانوں کے انے کی۔ خبر دی تو سائم بنا کچھ کہے روم سے باہر اگیا۔۔۔۔

دیکھا پرواجویریہ کی ہے۔۔۔۔۔

میں تو کسی کھاتے میں نہیں اتی۔ وہ غصے سے بڑبڑاتی ہوئی شیشے کے سامنے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

لیکن میرا نام بھی مروہ ہے۔ مروہ ہلکی سی مسکرائی اور شاپنگ بیگ میں سے ایک سمپل ریڈ کلر کی میکسی نکالی جو اس نے اج ہی لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چینجنگ روم میں اس نے وہ چینج کی۔ وہ اس پہ بہت سوٹ کر رہی تھی۔ لاونگ بازو تھے جو بازوں کے ساتھ چپکے ہوئے تھے۔۔ اور لینتھ پاؤں تک تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

روم میں اتے ہی وہ شیشے کے سامنے کھڑی ہوئی اپنے بالوں کو کھولا۔ریڈ کلر کی ڈارک لپ سٹک اس نے لگائی۔وہ انتہا کی خوبصورات لگ رہی تھی۔اس کی سفید رنگت پہ ریڈ لپسٹک اور بھی نکھر گئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اب میں دیکھتی ہوں۔۔۔۔۔

اس نے ایک نظر شیشے میں خود کو فائنل ٹچ دیا۔نیچے اس نے ریڈ ہائی ہیلز پہنے تھے۔اور پھر باہر اگئی۔۔۔۔۔۔

وہ سب ڈرائنگ روم میں بیٹھے تھے جویریہ کے ساتھ ایک فیمیل سٹاف کے ساتھ دو میل سٹاف ممبر بھی تھے۔۔
سائم کے ہاتھ میں پین تھا۔جس سے وہ کھیل رہا تھا اور ساتھ ساتھ فائلز دیکھ رہا تھا۔کے اچانک سے اسے ہائی ہیلز کی اواز ائی۔تو اس نے چونک کر سامنے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

اس کی نظر پہلے مروہ کے پاؤں پر پڑی اور پھر دھیرے دھیرے وہ پاؤں سے لے کر سر تک پہنچا۔اس کے ہاتھ سے پین نیچے گر چکا تھا۔اور وہ شاید بے دھانی یا اس کے نشے میں کھڑا ہو چکا تھا۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم کو نوٹس کر کے باقی سٹاف ممبر نے بھی پیچھے نظر دہرائی۔۔۔۔

ویلکم مروہ میں ابھی پوچھنے والی تھی کہ تم کہاں ہو

میرے گھر میں مجھے ہی ویلکم کر رہی ہے مروہ اندر ہی اندر بڑبڑاتے ہوئے اس کے پاس ائی۔۔۔۔۔

۔جویریہ نے اپنا رخ پیچھے کیا۔تو اس کی اواز سے سائم بھی واپس اسی دنیا میں ایا۔۔۔۔

کیا کہیں جانے کی تیاری ہے اس نے مروہ کی تیاری کو نوٹس کرتے ہوئے کہا۔۔۔

مروا نے ہاتھ اس سے ملایا اور باقی سٹاف ممبرز کو بھی ہیلو کیا۔۔۔

سائم کی نظریں ابھی بھی اس پر ٹکی ہوئی تھی۔۔۔

URDU NOVELISTS

مروہ سائم کو ایٹیٹیوڈ دکھاتے ہوئے اس کے سامنے بیٹھ چکی تھی۔۔۔

یہ ں ل سٹاف ممبرز کی نظریں مروہ پر اٹکی ہوئی تھی۔اور سائم نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا تھا۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ گلاس پانی لے اؤمیرے لیے۔۔۔اس نے لڑکھڑاتے ہوئے لفظوں کے ساتھ اسے کہا تھا جملہ بھی کمپلیٹ نہیں تھا۔۔۔
وہ اسے دیوانہ بناچکی تھی۔

اوراس کے تیر صحیح نشانے پر لگے تھے۔۔۔۔۔۔

سائم نے اسے انکھوں سے اشارہ کیااور جانے کا کہا۔۔۔۔
مروانے ایک نظر جویریہ پرڈالی۔اور پھراٹھ کرکچن کی طرف جانے لگی توسائم بھی اس کے پیچھے ہی گیا۔پانی توبس اس نے بہانہ بنایا تھا۔۔۔۔۔
یہ لوپانی۔۔۔۔۔۔۔

اس کے کچن میں اتے ہی مروہ نے پانی کاگلاس اس کی طرف بڑھایا۔توسائم نے اس کے ہاتھ سمیت پانی کا گلاس پکڑا۔۔۔۔

کیاہوا تم اپنی بات پہ قائم نہیں رہ سکے۔وہ بول نہیں رہی تھی بلکہ لفظوں کاوار کررہی تھی۔جبکہ سائم کی نظریں تواس کے چہرے سے ہی نہیں ہٹ رہی تھی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

میں پانی پینے ایا ہوں مر وہ۔۔۔۔

خود کو کنٹرول کرتے ہوئے سائم نے پانی کا گلاس منہ سے لگایا۔اور ایک ہی سانس میں سارا پانی پی لیا۔۔۔۔۔۔

یہ اتنی تیاری کس لیے۔۔۔۔

اپنے لیے سائم اور کس کے لیے اس کے ہاتھ سے پانی کا گلاس لے کر اس نے ٹیبل پر رکھا۔اس کا ایٹیٹیوڈ اج کچھ الگ ہی لیول کا تھا۔۔۔میرے نہرے کون اٹھانے والا ہے جس کے لیے میں اتنی تیاری کرو۔۔۔۔۔۔۔

سائم نے ہاتھ اس کی طرف بڑھایا ہی تھا کہ وہ کچن سے باہر چلی گئ۔۔۔۔۔۔

سائم نے ہاتھ ٹیبل پر رکھا اور پیچھے مڑ کر اسے دیکھا۔۔۔

یہ مجھے پاگل کر دے گی۔سائم بھی اس کے پیچھے ہی باہر ایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے لگتا ہے یہ کام ہمیں صبح افس میں کرنا چاہیے۔سائم ڈرائنگ روم میں داخل ہوتے سب کو محاطب کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

لیکن سائم یہ پریزنٹیشن ہم نے صبح 10 بجے تک ریڈی کرنی ہے مجھے نہیں لگتا کہ ہم رات بھر کام کر کے بھی اسے ختم کر پائیں گے۔اور تم صبح پر ڈیلے کر رہے ہو۔جویریہ نے اٹھتے ہوئے اس کی بات کا جواب دیا۔۔۔

بالکل سائم مروہ نے بھی اس کی ہاں میں ہاں ملائی۔اگر کام ضروری ہے تو تم لوگوں کو کرنا چاہیے۔۔۔۔

ایگزیکٹلی مروہ۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم ہم اسے ڈیلے نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔۔

سائم نے افق نگاہ مروہ پر ڈالی۔تو وہ ہلکی سی مسکرائی۔اور دوبارہ سے صوفے پر ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

سائم آنکھ کے اشارے سے اسے ون کرتے ہوئے اس کے سامنے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔
میں چائے دیکھتی ہوں وہ یہ کہتے ہوئے وہاں سے اٹھی اور کچن کی طرف جانے لگی۔۔۔

اس کی ادائیں سائم پہ قاتلانہ حملہ کر رہی تھی۔وہ بھی اٹھا اور پیچھے ہی اس کے کچن میں گیا۔۔۔۔

اور وہ اس کی اہٹ محسوس کر چکی تھی۔۔۔۔۔

کیا کچھ چاہیے۔اس نے اپنا رخ پیچھے کرتے ہوئے پوچھا۔اور دونوں ہاتھ اس نے باندھ لیے تھے۔اس کے کھلے بال پیچھے تھے اور کچھ دو تین لٹے چہرے کے اگے ائی ہوئی تھی۔۔

ہاں چاہیے۔وہ دو قدموں کا فاصلہ طے کر کے اس کے قریب ایا۔اس کی ایک لٹ کو اس نے اپنی شہادت کی انگلی میں جکڑا۔اور فولڈ کرتے ہوئے اوپر تک لے گیا۔۔۔۔

مروا نے دونوں ہاتھ کھولے اور پیچھے کی طرف جانے لگی۔۔

URDU NOVELISTS

کے۔۔۔۔۔۔۔کیا۔۔۔

ایک جھٹکے میں اسے پیچھے کیا اور باہر کی طرف بھاگ گئی۔۔۔۔۔

سائم جو اس کے لمس میں کھویا ہوا تھا۔۔۔۔۔

مروہ۔۔۔اس نے اسے روکنے کے لیے ہاتھ اگے بڑھایا لیکن وہ جا چکی تھی۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اب اس کے لیے کنٹرول کرنا مشکل ہو گیا تھا۔اور مروہ کی حرکتوں اسے اور بے قابو کر رہی تھی۔۔۔۔

مرہ۔۔

اس کی اواز پہ مروانے انکھ اٹھا کر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن کوئی جواب نہیں دیا اور منہ بصیر کر دوسری طرف کر لیا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ سائم مردان تھا۔اس کے معاملے میں وہ کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔اور اب تو وہ اس کی بیوی تھی۔۔۔۔۔۔۔

مروا حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔وہ دوبارہ سے اکر اپنی جگہ پر بیٹھی تھی۔۔۔

۔دو منٹ بات سنو گی۔۔

سائم نے مروہ کو اندر انے کا اشارہ کیا۔۔۔

لیکن وہ اس کے ایٹیٹیوڈ سے بھی اچھی طرح واقف تھا تو اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور کھینچنے کے انداز میں اسے اپنے ساتھ لے جانے لگا۔مروہ بھی افس ممبرز کے سامنے کیا ہی کہتی وہ اس کا شوہر تھا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

کیامسئلہ ہے سائم کمرے میں جاتے ہی مروا نے اس کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ جھٹکا۔اور ایک طرف ہو گئی۔

ڈسٹرب کر کے اپ مسئلہ پوچھتی ہو سائم نے اک جھٹکے میں اسے قریب کیا۔وہ اسے سر سے لے کے پاؤں تک دیکھ رہا تھا وہ اج بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔

مسٹر سائم مردان اپ تو اپنی بات سے منکر رہے ہیں۔۔۔

وہ اندر سے اس کی قربت سے بری طرح سے سہم چکی تھی۔۔۔

سائم مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا اور اس کی طرف بڑھ رہا تھا۔اس کے ہاتھ اس کی کمر پر گردش کر رہے تھے۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

سا۔۔۔۔۔اسے اپنی طرف جھکتے دیکھ کر مروہ نے اسے روکنا چاہا۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتی سائم نے اس کے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کیا۔وہ شدت سے بھرپور لمس اس کے ہونٹوں پہ چھوڑ رہا تھا۔اس کی مذمت کرتے ہاتھ اس کے سینے پر تھے۔۔۔۔۔

سائم نے ایک ہاتھ پھر سے کمر میں ڈالا۔۔۔۔

وہ اسے کمر سے اٹھا کر تھوڑا اوپر کر چکا تھا۔۔۔۔

سا۔۔۔۔۔

مروہ نے ایک جھٹکے میں اسے پیچھے کیا۔۔۔۔۔

کہانہ کوئی رعایت نہیں ملنے والی۔۔۔۔

سائم نے پھر سے اس کے گرد دائرہ تنگ کیا۔وہ اس سے پیچھے جاتے جاتے اب دیوار کے ساتھ جا کے لگی تھی۔۔۔۔

وہ بخشنے کے موڈ میں بالکل نہیں تھا۔۔

URDU NOVELISTS

یہ سب کرنے سے پہلے سوچنا تھا مس مروہ۔۔

کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔سائم نے توڑی سے اس کے چہرے کو اوپر کیا۔۔۔

وہ اس کے خوف سے انکھیں بند کر چکی تھی۔۔۔۔۔

سائم۔۔۔۔۔۔

اگر پاس ائے تو اچھا نہیں ہو گا۔۔۔مروہ کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔اور دل کی دھڑکن یکدم تیز ہو گئی تھی۔۔۔۔

اچھا تو واقع نہیں ہو گا میری جان۔۔۔۔

وہ سرگوشی میں بولتا ہوا اس کی گردن پہ جھک گیا تھا۔

مروانے ایک جھٹکے میں اسے پیچھے کرتے ہوئے اس کے منہ پہ زور کا تھپڑ مارا تھا۔اور یہ سب اس سے اچانک ہوا تھا اسے خود سمجھ نہیں ائی تھی۔۔۔
یہ کیا بدتمیزی تھی مروہ میں نے لاسٹ ٹائم تمہیں وان کیا تھا نا۔سائم کا موڈ بھی ایک دم سے چینج ہو گیا تھا اس نے مروہ کے تھپڑ والے ہاتھ کو زور سے کھینچا تھا۔رومینٹک تاثرات اب غصے میں بدل چکے تھے۔۔۔۔

تو تم رک نہیں رہے تھے۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

وہ شائستگی سے بولتے ہوئے۔اس کی باہوں سے نکل چکی تھی۔۔۔۔

سائم کا ایک ہاتھ ابھی بھی دیوار پر تھا۔اس نے مکہ بنا کر زور سے دیوار پر مارا۔۔۔۔

مروہ اس کے غصے سے سہم چکی تھی۔۔۔۔۔

تم نہیں سدھر سکتی کبھی نہیں سدھر سکتی مروہ۔۔۔

سائم نے ایک ہاتھ سے اپنے ہونٹ صاف کیے اور زور سے دروازہ بند کر کے باہر کی طرف گیا۔۔۔۔۔

اس کے جاتے ہی مروا نے ایک گہری سانس لی اور بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔۔

یہ تم نے کیا کیا مروا۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

لیکن میں کیا کرتی میں ڈر گئی تھی اس نے خود کو خود ہی تسلی دی۔۔۔۔

اس کے ہاتھ بری طرح سے کانپ رہے تھے۔۔۔۔۔

اس نے اپنی لپسٹک صاف کی جو وہ بری طرح سے خراب کر کر گیا تھا۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم نے اپنے غصے کو پتہ نہیں کیسے کنٹرول کیا تھا۔۔۔

اور جا کر پھر سے جویریہ لوگوں کے بیچ میں بیٹھ چکا تھا۔۔۔

یہ مروہ تھی وہ جس کا تھپڑ وہ تیسری دفعہ برداشت کر رہا تھا۔اگر کوئی اور ہوتا تو شاید دوبارہ تھپڑ مارنے کے قابل نہ رہتا۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ اب کمرے میں تیزی سے ٹہل رہی تھی۔۔۔

کہ اچانک اس کا فون بجنے لگا تو اس نے فوراً سے اٹھا کے کان کے ساتھ لگایا۔کیونکہ فون سائرہ کا تھا۔۔۔۔۔

تم کینیڈا ائی ہو تم نے مجھ سے ملنا بھی مناسب نہیں سمجھا۔۔

URDU NOVELISTS

اور تو اور تم نے سائم سے شادی کر لی۔۔۔

تم نے تو مجھے اپنی زندگی سے بالکل نکال دیا مروہ۔۔

مجھے تم سے یہ امید بالکل بھی نہیں تھی۔۔۔

مروہ جو پہلے ہی پریشان تھی اس کی باتوں سے اور اپ سیٹ ہو گئی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائرہ یار میں بہت ٹینشن میں ہوں اب تم ڈرامے کرنا بند کرو۔۔۔

مروہ ٹہلتے ٹہلتے اب صوفے پر بیٹھ چکی تھی۔۔۔

اچھا اب یہ ڈرامے لگ رہے ہیں مجھے تو فون ہی نہیں کرنا چاہیے تھا۔۔

مروا اس کے لہجے سے اندازہ لگا چکی تھی کہ وہ فون بند کرنے والی ہے۔۔

یار رکو تو میں بہت بڑی پرابلم میں ہوں۔۔

مروتم کب پرابلم میں نہیں ہوتی مجھے وہ دن بتاؤ۔۔۔۔

سائرہ بھی اب دوسری طرف تسلی سے بیٹھ گئی تھی اس کی پرابلم سننے کے لیے۔۔

تم نے سائم سے شادی کرلی میں تو یہ سن کر حیران اور پریشان ہوگئی تھی۔۔۔۔۔

سائرہ بیڈ پر لیٹی اور تکیے کو باہوں میں دبا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

چلو اچھا ہی ہوا ہے تم دونوں کا کیس تو سالو ہوا۔ ورنہ پتہ نہیں اور کس کس کو سائم رگڑا لگاتا۔ تمہارے پیچھے۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تھوڑی ہی دیر میں مروا نے اسے ساری داستان سنا دی تھی وہ سائرہ سے تو کچھ بھی نہیں تھی چھپانے والی۔۔۔

یااللہ۔۔۔۔۔۔وہ تمہارا شوہر ہے۔۔۔۔

تم ابھی بھی یہی سب کرو گی۔۔۔

کہاں چلی گئی ہے۔۔ sence مروہ تمہاری

دماغ کا استعمال کرنا تم نے لگتا ہے چھوڑ دیا ہے۔

اور تم خود اسے موقع دے رہی ہو دوسری عورتوں کے پاس جانے کا۔۔

اور میری بات یاد رکھنا۔۔۔مروہ بے دہانی میں اس کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سائم کے نزدیک جتنی بھی لڑکیاں ہیں وہ سب کا ائیڈیل ہے۔۔۔۔

۔انہیں تو بس ایک موقع کی تلاش ہے اور تم یہ موقع خود دے رہی ہو۔اسے اپنے قریب کرو۔۔۔۔

وہ تم سے بہت پیار کرتا ہے۔سائرہ اب اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔

http://www.urdunovalists.com

دیکھو یہ فالتوں کی مشورے لینے کے لیے میں نے تم سے یہ سب شیئر نہیں کیا تھا۔جب اسے پرواہ نہیں تو مجھے بھی پرواہ نہیں میری طرف سے جس مرضی کے پاس جائے۔

ان دونوں کی باتیں نان سٹاپ جارہی تھی۔۔۔

تھوڑی دیر میں مروہ ڈرائنگ روم میں ائی۔۔۔۔

توسائم نے اسے نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا تھا۔۔

مروا نے ایک نظر جویریہ کو دیکھا۔جو سائم کے بالکل نزدیک بیٹھی تھی اور جھک کر اسے فائل میں سے کچھ دکھا رہی تھی۔اور سائم بھی بڑے غور سے اس کی بات سن رہا تھا۔۔۔

مروا نے نہ اؤ دیکھا نہ تاؤ اور جا کر سائم کے ساتھ جڑ کر بیٹھ گئی۔حالانکہ وہاں پہ اتنی جگہ نہیں تھی کہ وہ بیٹھ سکے۔توسائم تھوڑا اگے ہوا تو وہ تسلی سے بیٹھی۔۔لیکن سائم نے اسے پھر بھی نہیں دیکھا تھا۔۔

اسے تھپڑ والی بات پہ سچ میں بہت غصہ تھا۔مروا نے اس کا سارا موڈ فلاپ کیا تھا۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر میں وہ سب کھانے کی ٹیبل پر موجود تھے۔سائم مروہ سے اجنبیوں والا بیہو کر رہا تھا۔اور اس کے سامنے جان جان کے جویریہ کو زیادہ اہمیت دے رہا تھا۔۔اور مروہ یہ سب بہت مشکل سے برداشت کر رہی تھی۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس نے ابھی کھانا پلیٹ میں ڈالا ہی تھا۔ کہ سائم جویریہ کو کھانا پڑوسنے لگا وہ دونوں امنے سامنے بیٹھی تھی۔۔۔

مروہ نے اپنی پلیٹ وہیں رکھی اور اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

سبھی نے اس کے ایسے جانے کو نوٹس کیا تھا۔ سائم نے ایک نظر اسے جاتے دیکھا اور پھر کھانا کھانے لگا۔۔۔۔۔

تو باقی سب لوگوں نے بھی کوئی سوال نہیں کیا۔۔۔۔۔

مروہ نے کمرے میں اتے ہی۔ ٹیبل کو زور سے ہٹ کیا اور اپنے کپڑے چینج کیے۔۔۔

مجھے بھی تمہاری کوئی پرواہ نہیں سائم۔ وہ روم میں اتے ہی غصے سے بڑبڑانے لگی۔۔۔۔۔

وہ اپنی انکھوں سے موٹے موٹے انسو گرا رہی تھی۔۔۔۔۔

اس جویریہ سے شادی کر لینی تھی۔۔۔

وہ بیڈ پہ لیٹتے ہوئے۔ بلینکٹ اپنے اوپر آور چکی تھی۔۔

بالوں کا اس نے جوڑا بنا لیا تھا۔۔۔۔۔

اس نے گرے کلر کے نارمل سی شرٹ پہنی تھی۔ جس کے اوپر ہلکے سفید سے ڈیزائن کے پھول بنے تھے۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تمہیں میری بالکل پرواہ نہیں۔۔۔۔

تمہاری بیوی میں تھی تمہیں مجھے کھانا دینا چاہیے تھا۔

وہ یہی سب بولتے بولتے اب لیٹ چکی تھی۔۔۔۔

تھینک یو سوچ سراج اپ کے گھر میں کام کر کے بہت اچھا لگا۔۔

وہ سٹاف ممبر کو سی اف کرنے دروازے تک گیا تھا۔۔۔

سائم جویریہ نے اسے تھوڑا سائیڈ پہ بلایا۔۔۔۔۔

کیا تمہارے اور مروہ میں سب ٹھیک ہے۔۔

میں نے دیکھا وہ کھانے کی ٹیبل سے جیسے گئی تھی شاید ناراض ہو گئی۔۔۔

وہ دونوں ٹہل رہے تھے۔۔۔

نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔وہ باتیں کرتے کرتے اب گارڈن میں اچکے تھے۔۔۔

اور بد قسمتی سے مروہ اپنی کھڑکی سے یہ نظارہ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

وہ غصے سے پھر سے بیڈ پر اگئی۔اس نے کمرے کی لائٹس بھی اف کر دی تھی۔۔

یااللہ میری دوست کو تھوڑی عقل دے۔۔۔۔

سائرہ کا دھیان مسلسل مروہ کی طرف تھا۔۔۔۔

یہ مروہ اتنی عجیب کیوں ہے۔۔۔

وہ کافی لیے باہر کی طرف ائی۔۔۔۔

میں ایسا کرتی ہوں اسے یہاں بلاتی ہوں کچھ دیر ہم ساتھ میں ٹائم سپینڈ کریں گے۔تو اس کا موڈ بھی اچھا ہو جائے گا اور میں اسے سمجھا بھی دوں گی۔وہ اندر ہی اندر پلاننگ کیے شاید خود کو تسلی دے رہی تھی۔۔۔

تھوڑی دیر میں سائم کمرے میں آ چکا تھا۔۔

اس نے کمرے میں اتے ہی پہلے لائٹ ان کی اور دھیان سب سے پہلے اس کا مروہ پہ گیا۔۔

جو بلینکٹ میں منہ چھپائی شاید سوگئی تھی یا سونے کی ایکٹنگ کر رہی تھی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تم نے کھانا نہیں کھایا جا کے کھانا کھالو۔وہ اپنی سائیڈ پہ اکر بیٹھا اور شوز اتارنے لگا۔۔۔۔

میں تمہارے ساتھ ہوں۔۔۔

اس نے اپنا روح پیچھے کی طرف کیا اور بلینکٹ تھوڑا کھینچا۔۔۔۔۔۔

کیوں تمہیں کیوں فکر ہو رہی ہے جویریہ نے کھالیا نا تو اب تمہیں سکون سے سو جانا چاہیے۔۔

سائم جو پہلے ہی اپنے غصے کو بہت مشکل سے کنٹرول کر رہا تھا۔مروہ کی یہ بات پھر سے اسے اجاگر کرنے والی تھی۔بلکہ کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مروا مروا مروا۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں سوری بولنا چاہیے شرمندہ ہونا چاہیے تم نے جو اج حرکت کی ہے کیا وہ معافی کے قابل ہے۔۔۔۔

اور اوپر سے مجھے ایٹیٹیوڈ دکھا رہی ہو۔۔۔۔

شوہر ہوں میں تمہارا حق ہے میرا تم پر۔۔۔۔۔۔

جویریہ جویریہ جویریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے کلائی سے گھڑی اتار کر بیڈ پر پھینکی۔۔اور ٹاول اٹھا کر واش روم کی طرف چلا گیا۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروہ بھی اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

اور شاید اس کی باتوں پہ غور کر رہی تھی۔۔۔

کہ تھوڑی دیر میں سائم بھی باہر آگیا۔۔۔۔

اس نے وائٹ کلر کی لوس شرٹ پہنی تھی جو اکثر رات کے لیے استعمال کرتا تھا۔استین کے بٹن کھلے ہوئے تھے اور شرٹ کے بھی دو تین ہی بٹن بند تھے۔انکھوں میں ہلکے نما تھے۔لیکن سوٹ کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے سامنے ڈراسے ایک ڈبہ اٹھایا اور اس میں سے سر درد کی گولی اٹھائی۔۔۔۔۔۔۔

اور بیڈ پر اکے بیٹھا اور پانی گلاس میں ڈالنے لگا۔۔۔۔۔۔

یہ کیوں کھا رہے ہو۔مروہ نے بے چینی سے پوچھا۔۔۔۔۔

کیوں تمہارے گھر والے نہیں کھاتے تھے۔سائم نے بھی ساتھ ہی جواب دیا۔گولی منہ میں ڈال کر اوپر سے پانی پینے لگا۔۔۔۔

کیا مطلب؟مروہ نے حیرانگی سے پوچھا۔۔۔

کیونکہ یہ کھائے بغیر تمہیں برداشت کرنا بہت مشکل ہے۔اس نے میڈیسن کا پتہ اس کی طرف لہراتے ہوتے ہوئے کہا۔۔

اور پانی کا گلاس ٹیبل پر رکھا۔۔۔۔

کہ اس کی نظر اچانک مروہ کی انکھوں پہ پڑی۔۔۔

وہ روئی ہوئی تھی۔۔۔۔

۔

سائم نے ایک نظر اسے دیکھا۔اور پھر دیکھتا ہی رہا۔۔۔

جا کر کھانا کھالو۔۔۔۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے جب ہو گی کھالوں گی۔مروا نے سرسری ساجواب دیا۔وہ بیڈ کرون کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔

اور پھر بلینکٹ اوڑ کر سو گئی۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

سائم کو یہاں اس پر غصہ تھا وہیں پہ اس کی فکر تھی۔۔

لیکن اس کی حرکتوں کے اگے اس کی بس ہو گئ تھی۔

وہ بھی دوسرے سائڈ پہ ارام سے سو گیا تھا۔۔۔۔۔

صبح کے چھ بجے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم کی انکھ کھلی تو مروا اس کی باہوں میں تھی۔۔

مروہ کا ایک ہاتھ اس کے اوپر تھا۔وہ پوری طرح سے اس میں چھپ کر سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

سائم مسکرایا۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ اتنی جلدی اسے معاف نہیں کرنے والا تھا۔۔

تو اس نے مروہ کے بال پیچھے کیے اور سے تکیے پہ لٹانے لگا تو اس کی بھی انکھ کھل گئ۔۔۔۔۔

سائم کچھ کہے بغیر بیڈ سے اٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ تھوڑی ہی دیر میں افس کے لیے ریڈی ہو چکا تھا اور ناشتہ کرنے کا تو اس کا بالکل موڈ نہیں تھا۔یا شاہد مروہ کو ایٹیٹیوڈ دکھا رہا تھا۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تم افس جارہے ہو۔۔۔۔۔

مروہ جو ابھی واش روم سے نکلی تھی فریش ہو کر۔اس کی تیاری دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

کیوں نظر نہیں ارہا تمہیں۔۔۔۔۔۔

.چاہیئے مروہ کے الفاظ ابھی منہ میں تھے۔۔۔ permission مجھے تم سے ایک

مجھے نہیں لگتا تمہیں میری کسی پرمیشن کی ضرورت ہے۔مروہ تم وہ کرو جو تمہارا دل کرے۔۔۔۔

اس نے وائلٹ سے ایک کارڈ نکالا۔۔۔۔

اور اس کے پاس ایا۔اسنے وائٹ شرٹ کے اوپر بلو کلر کا افس کوٹ پہنا تھا اور نیچے بلو ہی پینٹ تھی۔۔۔

کچھ ضرورت پڑے تو اس سے لے لینا۔اس نے غصے میں کارڈ اس کے ہاتھ میں تھمایا اور باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔

کارڈ کو میں سر میں ماروں گی کورڈ تو تم نے مجھے بتایا ہی نہیں۔مروا منہ بناتے ایک طرف بیٹھ گئی تھی۔۔

http://www.urdunovalists.com

کہ اتنی دیر میں اسے موبائل پہ ٹیکس ریسیو ہوا۔۔۔

سائم نے اسے کورڈ لکھ کر بھیجا تھا۔۔۔۔۔

تم نے میری بات تو سنی نہیں میں نے کہنا تھا کہ میں اج وینکوور جاؤں گی۔سائرہ سے ملنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مروا نے اسے کال ملائی جو سائم نے اٹھالی تھی۔۔۔

وہ ابھی راستے میں تھا۔۔

میں نے کہانا مجھے تم سے پرمیشن چاہیے۔میں۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

میں نے کہانا تمہیں میری پرمیشن کی ضرورت نہیں ہے۔میرا کوئی حق نہیں ہے تم پر۔تم کل مجھے بہت اچھے سے سمجھا چکی ہو۔سائم نے اتنی سی بات کر کے فون بند کر دیا۔۔۔۔۔

پرمیشن چاہیے اسے۔۔۔۔۔

سائم نے موبائل کو ساتھ والی سیٹ پہ زور سے گرایا۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

مروا نے بھی غصے سے موبائل کو بیگ میں ڈالا۔۔۔۔

اور ریڈی ہونے لگی۔ سائرہ کو وہ پہلے ہی انفارم کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ اتنی تیاری کس لیے عثمان اندر داخل ہوا تھا کہ اس نے سائرہ کو کچن میں مصروف پایا۔۔۔

مروا رہی ہے اس کے لیے بنا رہی ہوں۔۔۔۔۔

یا اللہ تم اس مصیبت کو پھر سے سر پہ سوار کر رہی ہو۔ عثمان اور سائرہ نے بھی شادی کر لی تھی۔۔۔۔۔

دیکھو تم اس کے بارے میں ایسا نہیں کہہ سکتے وہ میرے ساتھ ساتھ تمہاری بھی دوست ہے۔ اس نے چلاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

ہم نے ساتھ میں کتنا اچھا ٹائم سپینڈ کیا ہے۔۔۔

وہ ساتھ ساتھ کام بھی کر رہی تھی اور عثمان سے باتیں بھی۔۔۔۔

وہ دن کتنے اچھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دن تبھی تک اچھے تھے جب سائم مردان جیسی افت ہم پر سوار نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

مروہ تھوڑی ہی دیر میں گھر سے نکل گئی تھی۔وہ بی سی فیری کے تھرو وینکوور میں تقریباایک ڈیڑھ گھنٹے میں پہنچ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وینکوور میں قدم رکھتے ہی اس کے ذہن میں یادوں کی جنگ چھڑ گئی تھی۔۔۔

انسان نے جہاں پر وقت گزار ہوتا ہے۔وہ جگہ انسان کے لیے بہت ویلیو ایبل ہوتی ہے۔اس شہر سے مروہ کی اچھی بری سبھی یادیں وابستہ تھی۔اور وہ پھر سے انہی سالوں میں کھو چکی تھی۔۔۔۔۔۔

نہ جانے اس شہر میں اس کے کتنے دوست بنے تھے اور کتنے بچھڑے تھے۔۔۔۔۔

وہ وینکوور سے گیس ٹاؤن کے لیے نکل گئی تھی جس کے لیے اس نے لوکل بس کا استعمال کیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ سائم کے زیادہ پیسے خرچ نہیں کرنا چاہتی تھی۔یا اس کا احسان نہیں لینا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

http://www.urdunovalists.com

سائم افس میں بہت مصروف تھا۔ لیکن اس کا دھیان مروہ کی طرف تھا۔

مسٹر۔۔۔۔۔ جویریا نے کافی کا کپ سائم کے سامنے رکھا جو گہری سوچ میں گم تھا۔۔۔۔

ہا۔۔۔۔ ہاں تھینک یو سو مچ۔۔ سائم نے کمر سیدھی کی اور کافی کے کپ کو ہاتھ میں لیا۔

کہاں گم ہو تم اپنی پرابلم مجھ سے شیئر کر سکتے ہو۔ جویریہ اس کے سامنے والی چیئر پر بیٹھ چکی تھی۔۔۔ اور اس نے نوٹس کیا تھا کہ وہ کچھ الجھا الجھا ہے۔۔

نہیں نہیں بس اج کام کا بر ڈن کچھ زیادہ ہے نا اسی لیے سائم نے بات گھماتے ہوئے کافی کا ایک شپ لیا۔۔۔۔۔۔۔۔

کتنا مس کیا میں نے تمہیں پتہ ہے تمہیں کتنا بور ہو گئی تھی تمہارے جانے کے بعد۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں وہ سائرہ کے پاس پہنچ چکی تھی۔ سائرہ نے اور اس نے ایک دوسرے کو زور سے گلے سے لگایا ہوا تھا۔ وہ مل بھی تو کافی ٹائم بعد رہی تھی۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

ہائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ خوشبو۔۔۔۔۔ مروا نے اپنے بیگ کو صوفے پر رکھا۔۔۔۔۔

کیا یہ سب تم نے میرے لیے بنایا ہے مروہ کچن کی طرف جاتے ہوئے بول رہی تھی۔ مجھے نہیں پتہ تھا کہ تم کبھی میری اتنی بھی عزت کرو گی۔ اس نے کچن میں اتے ہوئے ایک ایک کھانے کو چیک کیا تھا۔ سائرہ نے اس کے لیے بریانی کباب اور نہ جانے کیا کیا بنایا تھا۔۔۔۔

سائم میٹنگ میں مصروف تھا ابھی ابھی اپنے افس میں ایا تو اتے ہی اس نے موبائل اٹھایا۔۔۔

اسے شاید مروہ کی کال کا انتظار تھا۔۔۔۔۔

کے اچانک سے اسے اوپر نوٹیفکیشن شو ہوئی۔۔۔۔

مروہ نے کارڈ سے فری کی بکنگ کی تھی تو نوٹیفکیشن اس کے موبائل پہ اچکی تھی۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

یہ وینکوور کیوں گئی ہے۔سائم ایک دم سے اپنے چیئر سے اٹھا۔۔

اس نے مروہ کو کال ملائی۔۔۔۔

تم وہاں کیا کر رہی ہو۔سائم نے چیئر سے اپنا کوٹ اٹھایا اور گاڑی کی چابی اٹھائی۔۔۔۔

میں نے صبح تم سے پوچھنا تھا تم نے بات ہی نہیں سنی۔۔۔

مروہ سائیڈ پہ اکر اس سے بات کر رہی تھی۔جبکہ سائرہ عثمان اندر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔

میرے پوچھے بغیر تم کیسے جاسکتی ہو۔وہ غصے سے چلاتا ہوا گاڑی میں بیٹھا۔اس نے فون بند کر کے گاڑی کے سامنے پھینکا۔۔۔۔۔

وہ کافی مشکل سے اس سے ملی تھی وہ اب کسی بھی طور پر اسے کھونا نہیں چاہتا تھا۔اور وہ اپنے دماغ کو پتہ نہیں کہاں سے کہاں لگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا پریشان کیوں ہو۔۔۔

سائرہ تھوڑی دیر میں باہر آگئی تھی اسے ایسے پریشان دیکھ کر وہ پریشان ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہوا کچھ بھی نہیں۔۔

وہ غصے سے چلاتی ایک طرف جا کر بیٹھ گئی۔۔۔

سائم کافی تیز سپیڈ سے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اسے پہلے ہی تھپڑ والی بات پہ غصہ تھا اور اب مروہ بنا بتائے وہاں چلی گئی تھی۔۔۔۔۔۔

حالا کی جان میں اپ سے کیوں ناراض ہوں گی۔۔۔۔

میں بس بزی تھی مروہ علیزے اور ریحان سے بالکل بھی بات نہیں کرنا چاہتی تھی یہی وجہ تھی کہ وہ فاطمہ سے بھی بات نہیں کر رہی تھی۔ لیکن فاطمہ نے اسے بہت سے وائس میسج کیے تھے جن کا جواب اس نے اج دیا تھا۔۔۔۔۔

تمہارا سائم کے ساتھ مسئلہ سالو نہیں ہوا کیا۔

وہ اب کھانا کھانے کے بعد باہر اکے بیٹھ گئے تھے عثمان کام کے سلسلے میں باہر چلا گیا تھا۔

مجھے سالو ہی نہیں کرنا سائرہ میں تنگ اگئی ہوں۔مروہ نے موبائل ایک سائیڈ پہ رکھا اور دونوں پاؤں چیئر کے اوپر کر لیے۔۔۔۔

تو تم نے بھی اسے تھپڑ مار دیا حد ہی کر دی مروا۔۔۔۔۔

اس نے ڈرائی فروٹ کی پلیٹ اس کے سامنے رکھی۔تو مروہ بھی دھیرے دھیرے سے کھانے لگی۔۔۔۔

وہ دونوں باتوں میں مگن تھی کہ اچانک سے سائم کی امد ہوئی۔سائم دونوں طرف سے کوٹ کو اگے کرتے ہوئے غصے سے اس کی طرف ارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ بھی دھیرے دھیرے کھڑی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

سائرہ نے اسے کھڑے ہوتے دیکھا تو ایک نظر پیچھے دیکھا تو سائم آرہا تھا تو وہ بھی کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔

سائم نے اتے ہی اسے ہاتھ سے پکڑا۔نہ اگے دیکھا اور نہ پیچھے اور تیزی سے لے کر باہر کی طرف جانے لگا۔۔۔۔

سائرہ کے لیے یہ سب نیا نہیں تھا وہ پہلے سے ان دونوں کو بہت اچھا سا جانتی تھی۔ تو وہ سکون سے اپنی جگہ پر واپس بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

مجھے لگتا ہے ان کے مسئلے قیامت تک سالو نہیں ہو سکتے۔ اس نے پلیٹ سے ایک کاجو کا دانہ اچھال کر منہ میں ڈالا۔ اور پلیٹ لے کر کچن میں رکھنے چلی گئی۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا مسئلہ ہے تمہیں۔ سائم نے اسے زبردستی گاڑی میں بٹھایا اور خود ڈرائیونگ سیٹ اکر سنبھال لی۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کی کسی بات کا جواب نہیں دے رہا تھا۔ جبکہ سارے راستے مروا نے نہ جانے کتنے سوال کر لیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے وینکوور والے گھر لے کر ایا تھا۔ جہاں پہ پہلے ہی گارڈ موجود تھا جس نے اس کے اتے ہی دروازہ کھولا۔ اور سائم نے ایک سپیڈ میں گاڑی کو گرج میں کھڑا کیا۔۔۔۔۔

گاڑی سے اتر کر اس نے اپنی ٹائی کو تھوڑے نیچے کیا۔ جیسے اسے گھٹن ہو رہی ہو۔ اور پھر اسے ہاتھ سے پکڑ کر اندر کھینچ کر لایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

تمہارا مسئلہ کیا ہے مروہ۔۔۔۔۔۔

اندر اتے ہی اس نے اس کو ایک طرف پھینکا۔۔

کیا پرابلم ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خود کو سنبھالتے ہوئے اٹھی۔۔

میں سائرہ سے ملنے ائی تھی۔ویسے تو میں نے تم سے پوچھنا چاہا تھا لیکن مجھے نہیں لگتا کہ مجھے کہیں بھی انے جانے کے لیے تمہاری اجازت کی ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔

مروہ۔۔۔اب چپ کر جاؤ میں اور کچھ نہیں سننے والا۔ایسی بے وقوف ہے تم کیسے کر سکتی ہو۔۔۔

میں پہلے بہت کچھ دیکھ چکا ہوں اب وہ نہیں دیکھنا چاہتا۔سائم سچ میں بہت پریشان ہو چکا تھا۔اس کو کھونے کے ڈر سے۔۔۔۔۔۔۔۔

سائم دونوں ہاتھ کمر پر بسیرے کوٹ کے اندر جکڑے ہوئے اسے غصے سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

http://www.urdunovalists.com

اس کا غصہ بے قابو ہو رہا تھا اس کی رات والی حرکت سے اور اب والے الفاظ اور ایٹیٹیوڈ سے وہ بری طرح سے تنگ ہو رہا تھا۔۔۔۔

لیکن اس سے پہلے کہ وہ اوئٹ اف کنٹرول ہوتا اس نے وہاں سے جانا ہی بہتر سمجھا۔ کمرے میں جاتے ہوئے راستے میں اتی ہر چیز کو اس نے ہٹ کیا تھا۔ اور برق رفتار سے اپنے کمرے میں گیا اور دروازہ زور سے بند کیا۔ مروہ دروازے کی اواز سے سہم چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مروہ کافی دیر تک اس کا انتظار کرتی رہی لیکن وہ باہر نہیں ایا۔۔۔۔

کیا ہوا مروہ چلی گئی۔ سائرہ کو اکیلے بیٹھے دیکھ کر عثمان نے سوال کیا جو ہاتھ میں کچھ سامان لے کر ایا تھا۔۔۔۔

ہاں چلی گئی۔ اس نے الفاظ لٹکاتے ہوئے اسے جواب دیا۔۔۔۔

کیوں کیوں چلی گئی۔ عثمان نے اپنا کوٹ اتار کر سائیڈ ٹیبل کے اوپر رکھا۔۔۔۔۔۔

URDU NOVELISTS

http://www.urdunovalists.com

سائم ایا تھا اسے لے گیا۔ سائرہ نے سرسری سا جواب دیا اور جو سامان وہ لے کے ایا تھا اسے لے کر کچن میں چلی گئی۔----------

وہ شاید اسے بتانا نہیں چاہتی تھی کیونکہ وہ پہلے ہی انہونی پیشگوئی کر کے گیا تھا۔-------------

---

